




# دوزخ کے انکشافات

## ---(پہلی گواہی)---

(لوقا16:19 )

وہاں پر ایک امیر آدمی نے جو کہ جامنی رنگ اور اعلیٰ لینن لباس میں ملبوس تھا اور ہر طرح کے آرام اور عیش و عشرت سے لطف اندوز ہوتا تھا۔اور دروازے کے سامنے لعزر نامی ایک شخص رہتا تھا اور اُسے ناسور تھا۔اور وہ امیر آدمی کے میز سے گرنے والے ٹکڑے کھا کر گذارا کرتا تھا۔یہاں تک کہ کتے اُس کے پاس آتے اور اُس کے زخم چاٹتے۔پھر وہ فقیر مر گیا اور فرشتوں نے اُسے پکڑ کر باپ ابراہام کی گود میں ڈال دیا۔وہ امیر آدمی بھی مر گیا اور دفن کیا گیا۔اور جب اُس نے عالمِ اسفل کے عذاب میں مبتلا ہو کر اپنی آنکھیں اُٹھائیں تو دُور سے ابراہام کو دیکھا اور لعزر کو اُس کی گود میں۔اور اُس نے پکار کر کہا اے باپ ابراہام مجھ پر رحم کر اور لعزر کو بھیج تاکہ وہ اپنی اُنگلی کا سرا پانی میں ڈبو کر میری زبان ٹھنڈی کرے کیونکہ میں آگ میں تڑپتا ہوں۔پر ابراہام نے کہا بیٹا یاد رکھ کہ تُو نے اپنی زندگی میں اچھی چیزیں حاصل کیں جبکہ لعزر نے بُری۔پس اب وہ تسلی پاتا ہے اور تُو تڑپتا ہے۔اور ان سب باتوں کے علاوہ میرے اور تمہارے درمیان ایک بڑھا گڑھا حائل ہے۔ایسا کہ جو یہاں سے تمہارے پاس جانا چاہیں نہ جا سکیں۔اور وہاں سے یہاں نہ آ سکیں۔ بائبل مقدس میں خُدا کے الفاظ بہت واضح ہیں جو کہ جنت اور دوزخ کے بارے میں ہیں۔اس حصے میں ہم صرف اتنا پڑھتے ہیں کہ خُدا ہمیں دو جگھوں کے بارے میں بتاتا ہے یعنی جنت اور دوزخ، آزمائش اور نجات۔یہاں پر کوئی درمیانی جگہ نہیں۔اعراف (مقامِ کفارہ) کا کوئی وجود نہیں اور برزخ کا کوئی وجود نہیں ہے جہاں پر آدمی کچھ وقت کے لئے ٹھہر سکتا ہے۔جب وہ زمین سے جُدا ہوتا ہے اور پھر آسمان پر جاتا ہے اور بائبل مقدس میں اس کے بارے میں واضح بیان ہے

(11اپریل1995)

خُدا نے ہمیں مکاشفہ دیا ہے جو ہماری زندگی کی خطِ حرکت تبدیل کرے گا ہم نے ابھی خُدا اور اُس کے کلام کے بارے میں جاننا شروع کیا ہے ہم سات نوجوان ہیں جنہیں خُداوند نے یہ رُتبہ بخشا اور بڑی ذمہ داری بخشی کہ اُس کے مکاشفہ کا دُنیا میں پرچار کر سکیں۔

ہر ایک چیز تقریباً دس بجے شروع ہوئی۔ہم دُعا کر رہے تھے اور اُس کے بعد پکنک پر جانے کے لئے تیار تھے۔اچانک دس بجے کے قریب کھڑکی میں سے ایک گہری سفید رنگ کی روشنی دکھائی دی۔جب روشنی ظاہر ہوئی ہم سب نے مختلف زبانوں میں بولنا شروع کر دیا اور ہمیں رُوح القُدس کا بپتسمہ ملا۔اُس لمحے ہم سب اس بات پر جو ہم نے دیکھی تھی

حیران اور گرویدہ ہو گئے تھے وہ جلالی روشنی پورے کمرے میں چمک رہی تھی یہ روشنی سورج کی روشنی سے بہت زیادہ تھی روشنی کے درمیان میں ہم نے فرشتوں کے میزبان کو سفید کپڑوں میں دیکھا یہ فرشتے بہت خوبصورت، دراز قد اور بہت پیارے تھے۔

فرشتوں کے درمیان میں ہم نے ایک بہت حیران کن چیز دیکھی۔۔۔انسان کے جسم میں یہ شبیہ، ایک خاص وجود تھا۔ اک آدمی جس نے سفید رنگ کا چوغہ پہنا ہوا تھا، اُس کے بال سنہری دھاگوں کی طرح تھے۔ ہم نے اُس کا چہرہ نہیں دیکھ پائے کیونکہ وہ بہت زیادہ چمک دار تھا۔ جبکہ ہم نے اُس کی چھاتی کے گرد سنہری کمر بند دیکھا۔ جس پر سونے میں لکھا ہوا تھا" بادشاہوں کا بادشاہ"، "خُداوندوں کا خُدا" وہ اپنے پاؤں میں خالص سونے کے جوتے پہنے ہوئے تھا اور اُس کی خوبصورتی کا جوڑ نہ تھا۔ جب ہم نے اُس آدمی کی موجودگی دیکھی تو ہم سب گھٹنوں کے بل گر پڑے۔


پھر ہم نے اُس کی آواز سننی شروع کی یہ بہت خاص اور حیران کن تھی اور ہر ایک لفظ ہمارے دل میں دودھاری تلوار کی طرح کندہ ہو گیا بالکل اُسی طرح جیسے یہ پاک کلام میں لکھا تھا (عبرانیوں 4:12)۔ وہ ہم سے بہت سادہ لیکن بہت شدید الفاظ میں بولا۔ ہم نے اُسے یہ کہتے ہوئے سنا، میرے چھوٹے بچو! ڈرومت، میں یسوع ناصری ہوں، میں تمہیں ایک مکاشفہ دکھانے کے لئے تم پر ظاہر ہوا جسے تم قصبوں، اقوام، شہروں، کلیسیاؤں اور تمام جگہوں پر بتاؤ جہاں جانے کے لئے میں تمہیں بتاؤں گا، اور جہاں میں تمہیں کہوں کہ نہیں جانا، تم نہیں جاؤ گے.

بائبل مقدس خُدا کے کلام میں یوایل 2:28 کہتی ہے "اس کے بعد، میں اپنی رُوح تم پر انڈیل دوں گا، تمہارے بیٹے اور بیٹیاں نبوت کریں گے، تمہارے عُمر رسیدہ لوگ خواب دیکھیں گے، اور تمہارے جوان رویا دیکھیں گے" یہی اوقات ہیں کہ خُدا ہر ایک کے لئے تیاری کر رہا ہے.

پھر ایک عجیب واقعہ ہوا، ایک چٹان کمرے کے درمیان میں ظاہر ہوئی، اور خُداوند جو کہ ہمارے ساتھ تھے نے ہمیں چٹان پر چڑھایا، یہ چٹان فرش سے قریباً آٹھ انچ اوپر تھی، اور فرش میں ایک بہت بڑا گڑھا نمودار ہوا، یہ بہت ہی بڑا، تاریک، شدید دہشت ناک سوراخ یا غار تھا. جلد، ہم نے چٹان کے اوپر سے محسوس کیا کہ یہ فرش میں بڑے سوراخ میں سے نیچے چلی گئی، یہ تاریک تھا جو ہمیں زمین کے درمیان میں لے گیا.

ہم گہری تاریکی میں بہت زیادہ ڈرے ہوئے تھے ہم اتنے ڈرے ہوئے تھے کہ ہم نے خُداوند سے کہا کہ خُداوند ہم اس جگہ نہیں جانا چاہتے، ہمیں اس جگہ نہ لے کر جائیں خُداوند، ہمیں یہاں سے باہر لے جائیں خُداوند. خُداوند نے ہمیں بہت خوبصورت اور رحیم آواز کے ساتھ جواب دیا" یہ تجربہ بہت ضروری ہے تاکہ تم دیکھو اور دوسروں کو بتاؤ۔ ہم ایک بِگل کی طرح سُرنگ میں تھے اور ہم نے سائے، بدروحیں اور مجسمے دیکھے جو ادھر اُدھر گھوم رہے تھے ہم نیچے نیچے جا رہے تھے چند منٹوں میں ہم نے بہت خالی جگہ اور خوف دیکھا پھر ہم ایک قسم کے غار میں پہنچے بھول بھلیوں کی طرح کچھ خطرناک دروازے دیکھے ہم اندر جانا نہیں چاہتے تھے ہم نے بہت زیادہ غضب ناک اور بدبُودار گرمی محسوس کی جس سے ہمارا دم گھٹ رہا تھا. جب ہم اندر داخل ہوئے تو ہم نے بہت زیادہ خوفناک اور ڈرا دینے والے مجسمے دیکھے یہ جگہ شعلوں میں گھری ہوئی تھی اور ان شعلوں کے درمیان میں ہزاروں لوگوں کے جسم تھے وہ بہت بڑے عذاب میں اذیت برداشت کر رہے تھے وہ نظارہ بہت خوفناک تھا اُس جگہ کو عذاب اور اذیت کے مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا، اُس جگہ کا پہلا حصہ جسے خُداوند نے ہمیں دیکھنے کی اجازت دی وہ" دیگوں کی وادی" تھی وہاں لاکھوں کی تعداد میں دیگیں تھی دیگیں زمین کے برابر پڑی ہوئیں تھیں اُن میں سے ہر ایک کے اندر لاوا اُبل رہا تھا، اُن میں سے ہر ایک کے اندر ایک روح تھی جو مر گئے تھے اور دوزخ میں چلے گئے تھے، جیسے ہی اُن روحوں نے خُداوند کو دیکھا اُنہوں نے چلانا اور سسکیاں لینا شروع کر دیں، خُداوند ہم پر رحم کریں، خُداوند مجھے اس جگہ سے نکلنے کا ایک موقع دیجئے، خُداوند مجھے اس جگہ سے نکالیں لیکن خُداوند نے اُن کی طرف دیکھا بھی نہیں

، میں دنیا کا بتاؤں گا کہ یہ جگہ ایک حقیقت ہے۔ وہاں لاکھوں کی تعداد میں آدمی، عورتیں اور نوجوان تھے ہم نے ہم جنس اور شرابیوں کو بھی عذاب میں دیکھا، ہمیں اُن کے جسموں کو عذاب میں دیکھ کر بہت زیادہ پریشانی ہوئی، کیڑے اُن کی خالی آنکھوں، منہ اور کانوں سے اندر باہر آجا رہے تھے اور اُن کے جسم کا تمام گوشت کھا رہے تھے، یہ خُداوند کے اُس کلام کو پورا کرتا ہے جو یسعیاہ نبی کے صحیفے میں لکھا ہے (یسعیاہ 66:24 ) "پھر وہ نکل کر اُن لوگوں کی لاشوں پر نظر ڈالیں گے جنہوں نے مجھ سے سرکشی کی تھی۔ اُن کا کیڑا نہ مرے گا، اور نہ اُن کی آگ بجھے گی اور وہ تمام بنی آدم کے لئے نہایت نفرت انگیز ہوں گے۔" مرقس 9:44 میں بھی کہا گیا ہے " جہنم میں اُن کا (یعنی اُن کے جسموں کا کھانے والا) کیڑا مرتا نہیں اور آگ بھی کبھی نہیں بجھتی "ہم نے جو کچھ دیکھا اُس پر بہت زیادہ خوفزدہ تھے ہم نے نو سے بارہ فٹ اونچے شعلے دیکھے ہر ایک شعلے کے اندر ایک آدمی کی روح تھی جو مرنے کے بعد دوزخ میں گئے تھے۔



خُداوند نے ہمیں ایک آدمی کو دیکھنے کی اجازت دی جو دیگوں میں سے ایک کے اندر تھا وہ اُوپر نیچے حرکت کر رہا تھا اور اُس کے چہرے کا گوشت ٹکڑوں میں گر رہا تھا وہ لگاتار خُداوند کو دیکھتے رہے پھر اُس نے خُداوند یسوع مسیح کا نام لے کر چلانا شروع کر دیا، اُس نے کہا خُداوند رحم کر، خُداوند مجھے ایک اور موقع دیں، خُداوند مجھے یہاں سے نکالیں لیکن خُداوند اُس کی طرف دیکھنا نہیں چاہتے تھے، لیکن یسوع نے اُس سے اپنا منہ پھیر لیا جب یسوع نے ایسا کیا تو اُس نے یسوع پر لعنت کی اور کفر بکا۔ اُس آدمی کا نام جُون لینون تھا، وہ شیطانی میوزک گروپ کا ممبر تھا "نا قابل شکست "جُون لینون وہ آدمی تھا جس نے اپنی زندگی میں خُداوند کا مذاق اُڑایا تھا، اُس نے کہا تھا کہ مسیحیت ختم ہو جائے گی اور سب لوگ یسوع کو بھول جائیں گے جبکہ آج یہ آدمی دوزخ میں اور یسوع زندہ ہے اور نہ ہی مسیحیت ختم ہوئی ہے۔ جیسے ہی ہم نے اُس جگہ کے کنارے پر چلنا شروع کیا روحوں نے اپنے ہاتھ ہماری طرف بڑھائے اور رحم مانگا اُنہوں نے یسوع کو اُنہیں وہاں سے نکالنے کے لئے کہا لیکن یسوع نے اُن کی طرف دیکھا بھی نہیں۔

پھر ہم نے فرق فرق حصوں میں جانا شروع کیا ہم دوزخ کے سب سے خوفناک حصے میں آئے جہاں دوزخ کے درمیان سب سے بدترین عذاب تھا سب سے زیادہ سوچنے والے عذاب کی قسم تھی۔ اس طرح کا عذاب بنی نوع انسان کبھی بیان نہیں کر سکتے۔ وہاں صرف وہ لوگ تھے جو یسوع اور خُدا کے کلام کا جانتے تھے۔ وہاں پادری، انجیل نویس، مشنری اور وہ تمام لوگ تھے جنہوں نے ایک دفعہ یسوع کو قبول کیا تھا اور سچائی کو جانتے تھے لیکن دوہری زندگی گذاری تھی۔ وہاں پر شکستہ لوگ بھی تھے اُن کی اذیت دوسروں سے ہزار گنا زیادہ تھی وہ چلا رہے تھے اور خُدا سے رحم کی اپیل کر رہے تھے لیکن خُدا کا کلام عبرانیوں میں کہتا ہے (عبرانیوں 10:26،27)" کیونکہ اگر ہم حق کی پہچان حاصل کرنے کے بعد جان بوجھ کر گناہ کریں تو گناہوں کی کوئی اور قربانی باقی نہیں رہی۔ ہاں! روزِ عدالت کا خوفناک انتظار اور اُس آگ کا غضب باقی ہے جو خُدا کے دشمنوں کا کھالے گی "وہ روحیں وہاں اس لئے تھیں کیونکہ انہوں نے تبلیغ کی، روزہ رکھا، گیت گائے اور چرچ میں اپنے ہاتھ اوپر اُٹھائے لیکن وہ گلیوں میں اور گھروں میں زناکار تھے، بدکار تھے اور چور تھے ہم خُداوند سے جھوٹ نہیں بول سکتے بائبل کہتی ہے کہ جس کو جتنا زیادہ دیا گیا ہے اُس سے اُتنا زیادہ لیا بھی جائے گا (لوقا 12:48 )

خُداوند نے ہمیں دو اور خواتین کو دیکھنے کی اجازت دی جو زمین پر مسیحی سسٹرز تھیں لیکن اُنہوں نے خُداوند کے سامنے پاکیزہ زندگی نہیں گذاری۔ ایک نے دوسری سے کہا "تم لعنتی بد نصیب! یہ تمہاری غلطی ہے کہ میں یہاں پر ہوں تم نے مجھے انجیل پاک کی مُنادی نہیں کی اس لئے تم نے مجھے سچائی کے بارے میں نہیں بتایا اس لئے میں یہاں دوزخ میں ہوں "وہ ایک دوسرے کو یہ باتیں شعلوں کے درمیان میں سے کہہ رہی تھیں اور اُن کو ایک دوسرے سے نفرت تھی کیونکہ دوزخ میں محبت، معافی اور رحم نہیں۔ وہاں ہزاروں روحیں تھیں جنہوں نے خُداوند کے کلام کو جانا تھا لیکن اُن کی زندگیاں خُداوند کی پاک حضوری کے سامنے صاف نہیں تھیں "تم خُدا کے ساتھ نہیں کھیل سکتے یا نہ ہی

دوزخ کے شعلوں کے ساتھ "خُداوند نے کہا۔اُس نے ہمیں یہ بتایا یہ میرے بیٹے زمین پر یہ تمام اذیت سوچنے میں زیادہ لگتی ہے لیکن وہ اذیت دوزخ کی اذیت کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں۔ اگر یہ اُن کے لئے خوفناک ہے جو دوزخ کے آخر میں اذیت برداشت کر رہے ہیں تو اُن کے لئے کتنی ہی مشکل ہو گی جو دوزخ کے درمیان میں ہیں جنہوں نے ایک مرتبہ خُداوند کا کلام جانا تھا اور پھر اُس سے بھاگ گئے تھے خُداوند نے ہمیں بتایا کہ ہم زمین پر تو آگ کے ساتھ کھیل سکتے ہیں لیکن دوزخ کی آگ سے کبھی بھی نہیں۔

ہم مختلف جگہوں پر چلتے رہے اور خُداوند نے ہمیں بہت سی مختلف چیزیں دکھائیں۔ ہم دیکھ سکتے تھے کہ وہاں پر لوگوں کو اندر چھ قسم کی اذیت دی جاتی تھی۔ وہاں پر روحیں تھیں جنہیں ہر قسم کی بدروحیں مختلف طریقوں سے سزائیں دیتی تھیں ایک اور خوفناک سزا اُن کا اپنا ضمیر تھا جو اُن سے کہتا تھا "یاد کرو جب اُنہوں نے تمہیں منادی کی، یاد کرو جب تم نے خُداوند کا کلام سُنا، یاد کرو جب اُنہوں نے تمہیں دوزخ کے بارے میں بتایا اور تم اُن پر ہنستے تھے۔ اُن اپنے ضمیر نے اُن کو اذیت دی، بالکل کیڑوں کی طرح جو اُن کے پورے جسم پر تھے جو کہ جلتی ہوئی آگ کی طرح تھا جو ہزار گنا اُس آگ سے زیادہ گرم ہے جسے ہم جانتے ہیں یہ وہ انعام ہے جو بدروحوں نے اُن لوگوں کے لئے رکھا جو اُنہیں ڈھونڈتے اور اُن کی پیروی کرتے تھے۔ خُدا کا کلام مکاشفہ 21:8 میں کہتا ہے "مگر بزدلوں، بے ایمانوں، گھنونے لوگوں، خونیوں، حرام کاروں، جادوگروں، بُت پرستوں، اور سب جھوٹوں کی جگہ آگ اور گندھک سے جلنے والی جھیل میں ہو گی۔ یہ دوسری موت ہے۔ "اُس کے بعد خُداوند نے ایک آدمی دکھایا جس نے چھ قتل کئے تھے اُن چھ لوگوں نے اب اُسے گھیرا ہوا تھا اور اُس پر یہ کہتے ہوئے چلا رہے تھے "یہ تمہارا قصور ہے کہ ہم اس جگہ پر ہیں "تمہارا قصور" قاتل نے اپنے کان چھپا لئے کیونکہ وہ یہ سُننا نہیں چاہتا تھا لیکن وہ یہ سُننے سے باز نہ رہ سکا۔ کیونکہ دوزخ میں تمام اعضاء حس بہت حساس ہوتے ہیں۔



دوزخ میں روحیں ناقابل برداشت پیاس کا عذاب برداشت کر رہی تھیں جو کسی طریقے سے بھی بجھ نہیں سکتی تھی۔ بائبل کی لعزر اور امیر آدمی کی کہانی کی طرح (لوقا 16:19)۔ دوزخ میں امیر آدمی پانی کا صرف ایک قطرہ چاہتا تھا جو اُس کے لئے کافی تھا۔ خدا کا کلام یسعیاہ نبی کی معرفت کہتا ہے (یسعیاہ 34:9) "ادوم کے چشمے رال میں، اور اُس کی خاک جلتی ہوئی راکھ میں بدل جائے گی، اور اُس کا ملک جلتی ہوئی رال بن جائے گا!۔ "اُس جگہ پر ہر روح آگ کے درمیان میں تھی لوگوں نے بلور کی طرح شفاف دریا آگ کے درمیان سراب کرتے دیکھا۔ لیکن جب لوگوں نے وہاں پہنچنا شروع کیا تو وہ آگ میں تبدیل ہو گیا، اُنہوں نے پھل دار درخت بھی دیکھے جو پانی دے رہے تھے لیکن جب اُنہوں نے پھل پکڑنے کی کوشش کی تو اُن کے ہاتھ جل گئے اور بدروحوں نے اُن کا مذاق اُڑایا۔

پھر خُداوند ہمیں اُس جگہ لے گیا جو پہلے دیکھی گئی جگہوں سے زیادہ بدترین تھی ہم نے آگ کی جھیل اور دوزخ کا ایندھن دیکھا۔ جھیل کے ایک طرف ایک چھوٹی جھیل تھی وہاں لاکھوں، لاکھوں اور لاکھوں کی تعداد میں روحیں تھیں۔ جو خُداوند سے رحم کی بھیک مانگ رہی تھیں۔ وہ اُسے کہہ رہی تھیں "مہربانی کر کے خُداوند ہمیں یہاں سے ایک لمحے کے لئے باہر نکالیں۔ مہربانی کر کے مجھے باہر جانے کا موقع دیں۔ مگر خُداوند اُن کے لئے کچھ بھی نہیں کر سکتا تھا کیونکہ اُن کا فیصلہ پہلے سے ہو چکا تھا۔

اُن لاکھوں کی تعداد کے لوگوں کے درمیان خُدا نے ہمیں ایک آدمی پر غور کرنے کے لئے کہا جو آگ کی جھیل میں آدھا غرق ہو چکا تھا۔ اور خُداوند نے ہمیں اُس کے خیالات سمجھنے دیئے اُس آدمی کا نام مرقس تھا۔ ہم اُن چیزوں کو سن کر حیران تھے جو وہ اپنے خیالات میں کہہ رہا تھا ہم نے اُس کے خیالات جان کر باطن میں سبق سیکھا۔ "میں تمہاری جگہ آنے کے لئے کچھ بھی دے سکتا ہوں "میں زمین پر ایک لمحے کے لئے جانے کے لئے کچھ بھی دے سکتا ہوں۔ مجھے اس چیز کی پرواہ نہ ہو گی اگر میں واپس جا کر سب سے زیادہ مصیبت زدہ ہوں، بہت بیمار، بہت قابل نفرت یا دنیا کا سب سے غریب آدمی۔ میں زمین پر واپس جانے کے لئے کچھ بھی کروں گا۔ صرف ایک منٹ کے لئے زمین پر۔ یسوع


مسیح میرا ہاتھ پکڑے ہوئے تھا۔ یسوع نے مرقس کے خیالات کا یہ کہتے ہوئے جواب دیا۔ مرقس کیوں تم زمین پر ایک لمحے کے لئے آنا چاہتے ہو؟ چلانے والی اور اذیت سے بھر پور آواز میں اُس نے یسوع کو بتایا "یسوع میں زمین پر ایک لمحہ جانے کے لئے کچھ بھی کروں گا۔ صرف پچھتانے اور بچنے کے لئے۔

جب خُداوند نے یسوع کی باتیں سنیں میں نے دیکھا کہ خُداوند کے زخموں سے خون بہنا شروع ہو گیا اور اُس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں جیسے ہی اُس نے کہا: مرقس اب بہت دیر ہو چکی ہے! کیڑے تمہارے بستر کے لئے تیار ہیں اور وہ تمہیں گھیر لیں گے "(یسعیاہ 14:11)۔ جب خُداوند نے اُسے یہ کہا تو وہ جھیل میں ہمیشہ کے لئے ڈوب گیا۔ افسوس اُن روحوں کے لئے اب کوئی اُمید نہیں ہے۔ صرف ہمارے لئے جو زمین پر ہیں آج موقع ہے۔ کہ پچھتائیں اور اپنے خداوند کے ساتھ فردوس میں جائیں۔ اب میں تمہیں اپنی بہن کے ساتھ اس گواہی کو جاری رکھنے کے لئے چھوڑتا ہوں۔ شکریہ۔

# دوسری گواہی لوپ

عزیز پیارے بھائیو، خُداوند تمہیں برکت دے!

آئیں زبُور 18:9 میں خُدا کے کلام کو پڑھیں۔ "اُس نے افلاک کو شق کیا اور نیچے اُتر آیا؛ کالی گھٹائیں اُس کے پاؤں کے نیچے تھیں" جب خُداوند میرا ہاتھ پکڑنے کے لئے نیچے پہنچا، میں نے اُس کا ہاتھ پکڑا اور ہم نے نیچے سُرنگ کی طرف آنا شروع کیا۔ وہ سُرنگ اس قدر تاریک ہوتی گئی یہاں تک کہ میں اپنا دوسرا ہاتھ بھی نہ دیکھ سکی جو خُداوند کے ہاتھ میں نہ تھا۔




اچانک ہم ایک جگہ سے گذرے جو بہت سیاہ تھی اور چنگاریاں نکلنے آوازیں آرہی تھیں۔ تاریکی اتنی گہری تھی کہ میں اپنا ہاتھ سُرنگ کے دروازے تک نہیں دیکھ سکتا تھا۔ ہمارا نزول اس قدر جلدی ہوا کہ مجھے ایسا لگا کہ میرا جسم میری روح سے علیحدہ ہو رہا ہے۔

جلد ہی میں نے بہت گلی سڑی بدبو محسوس کی جو کہ سڑے ہوئے گوشت کی طرح تھی۔ میں بہت برا محسوس کر رہی تھی پھر میں نے لاکھوں روحوں کی آوازیں سنیں۔ وہ لگاتار رو رہی تھیں۔ چلا رہی تھیں اور سسکیاں لے رہی تھیں۔ میں اتنا ڈر گئی تھی کہ میں نے خُداوند کی طرف متوجہ ہو کر کہا "خُداوند آپ مجھے کہاں لے کر جا رہے ہیں؟ خُداوند مجھ پر رحم کریں! مہربانی سے مجھ پر رحم کریں" خُداوند نے جواب دیا "یہ ضروری ہے کہ تم سب دیکھو اور دوسروں کو بتا سکو"

ہم اُس نرسنگے کی طرح سُرنگ میں نیچے کو چلتے رہے یہاں تک کہ اُس جگہ پہنچے جو بہت تاریک تھی۔ بالکل جیسے میری آنکھوں سے کوئی بھاری پردہ کھینچ رہا ہو اور پھر میں نے لاکھوں کی تعداد میں شعلے دیکھے۔ اُس سے بھی زیادہ میں نے دل دہلا دینے والی آہیں سنیں لیکن کسی کو دیکھ نہ سکی۔ میں بہت ڈری ہوئی تھی۔ میں نے خُداوند سے کہا "اے خُداوند مہربانی سے مجھ پر رحم کریں! اے خُداوند مہربانی سے مجھ پر رحم کریں۔ مجھے اس جگہ پر نہ لے کر جائیں مجھے معاف کر دیں"۔ اُس وقت میں نے نہیں سوچا تھا کہ میں دوزخ میں صرف ایک تماشائی تھی۔ میں نے سوچا کہ یہ حساب کا دن ہے۔ خُداوند کے حضور کھڑی ہونے سے میں بری طرح کانپ رہی تھی کیونکہ میں یہ سوچ رہی تھی کہ یہ میری زندگی کا اختتام ہے۔

وہ ہمیں اُس شعلے کے پاس لے گیا جو ہمارے سامنے تھا یہ بہت بڑا تھا اور بہت تیزی سے جل رہا تھا میں آہستہ آہستہ نیچے چلتی رہی، بہت سے مختلف شعلوں کو دیکھتے ہوئے اور بہت سی روحوں کو یک آواز ہو کر چلاتے ہوئے۔



پھر میں نے لکڑی کی ایک میز دیکھی جو آگ سے ضائع نہیں ہوئی تھی ایک شراب کی بوتل جیسی چیز اُس پر ظاہر ہوئی۔ یہ تروتازہ لگ رہی تھی لیکن آگ سے بھری ہوئی تھی۔ جیسے میں اُس کی طرف دیکھ رہی تھی ایک آدمی اچانک ہی ظاہر ہوا۔ اُس کا گوشت تقریباً تباہ ہو چکا تھا اور جو باقی رہ گیا تھا وہ صرف اُس کے مٹی سے بھرے جلے ہوئے کپڑے تھے۔ اُس کی آنکھیں، منہ اور تمام بال آگ سے جل رہے تھے۔ وہ مجھے دیکھ سکتا تھا اگرچہ اُس کی آنکھیں نہیں تھیں۔ میں آپ کو بتاتی ہوں کہ یہ انسان کی روح ہے جو وجوہات سوچتی ہے اور صحیح طریقے سے دیکھتی ہے نہ کہ انسان کا فطری جسم۔ اُس آدمی نے اپنا گوشت والا ہاتھ خُداوند کی طرف بڑھایا اور رونا شروع کر دیا اور کہا کہ خُداوند مجھ پر رحم کر، خُداوند مجھ پر رحم کر۔ میں درد میں ہوں۔ میں جل رہا ہوں مہربانی سے مجھ پر رحم کریں اور اس جگہ سے نکالیں، خُداوند نے اُس کی طرف رحم سے دیکھا اور ہمیں اپنے ہاتھوں میں کچھ گرماہٹ سی محسوس ہوئی۔ میں نے دیکھا تو وہ خون تھا، یسوع کا خون جو اُس کے ہاتھوں سے اُس وقت نکلا جب اُس نے آدمی کو آگ کے شعلوں میں گرا ہوا اذیت میں دیکھا۔

تب اُس آدمی نے میز کی طرف گھمائی اور بوتلوں کی طرف چلنا شروع ہو گیا، اُس نے ایک بوتل پکڑی جیسے ہی وہ اُس میں سے پینے لگا دھوئیں اور آگ نے اُس بوتل کو توڑ دیا۔ اُس نے اپنا سر پیچھے کو رکھا اور ایسے چلایا جیسا میں نے پہلے کبھی بھی نہ سنا تھا وہ اتنے بڑے درد اور دکھ میں چلایا اور پھر جو اُس بوتل کے اندر تھا پینا شروع کر دیا، لیکن بوتل تیزاب سے بھری تھی اور اُس کا گلا پوری طرح سے اُس سے تباہ ہو گیا۔ ہم تیزاب کو اُس کے معدے سے گذرتا ہوا اور اُسے تکلیف دیتا ہوا دیکھ سکتے تھے۔

666 نمبر اُس آدمی کے ماتھے پر لگایا گیا تھا۔ اُس کی چھاتی پر کسی انجانی دھات کی بنی پلیٹ تھی جو تباہ نہیں ہو سکتی تھی۔ نہ ہی گرمی سے اور نہ ہی کیڑوں سے اُس کے اوپر کچھ الفاظ لکھے ہوئے تھے لیکن ہم اُنہیں سمجھ نہ سکے۔ خُداوند نے ہمیں اپنے بڑے رحم سے اُن الفاظ کی وضاحت دی جو لکھے ہوئے تھے، "میں یہاں اس لئے ہوں کیونکہ میں شرابی ہوں" اُس نے خُداوند سے رحم کی اپیل مانگی لیکن خُداوند کا کلام بہت واضح ہے جو وہ ہمیں (1 کرنتھیوں 6:10) میں بتاتا ہے، "نہ چور، نہ لالچی، نہ نشہ باز، نہ طعنہ زن، نہ ظالم خُدا کی بادشاہی کے وارث ہوں گے" خُداوند نے مجھے اُس آدمی کی زمین پر آخری گھڑی دکھائی بالکل فلم کی طرح یہ ایک بڑی ٹیلیویژن سکرین کی طرح تھا۔؛ آدمی کا نام لوئیس تھا اور وہ مے خانے میں شراب پی رہا تھا میں نے اُس مے خانے میں کئی میز اور وہی بوتلیں دیکھیں اور اُس میز کے گرد اُس کے دوست تھے (میں تمہیں بتاتی ہوں کہ صرف ایک ہی سچا دوست ہے اور اُس کا نام یسوع مسیح ہے وہ ہی وفادار دوست) لوئیس پی رہا تھا، اور اُس کے دوست پہلے ہی پی چکے تھے اُس کے دوست نے ایک بوتل لی اُس کو توڑا اور لوئیس پر وار کرنے شروع کر دیئے۔ جب اُس نے لوئیس کو فرش پر پڑا دیکھا تو وہ بھاگ گیا لیکن لوئیس زخمی حالت میں فرش پر مر گیا، دکھ کی بات یہ تھی کہ وہ خُداوند کے بغیر مرا تھا۔

اس سب کے درمیان میں جب تمام روحیں دوزخ میں چلا رہی تھیں، میں نے خُداوند سے پوچھا، اے خُداوند مہربانی سے مجھے بتائیں کیا اس آدمی نے آپ کو جانا تھا؟ کیا یہ آپ کی نجات کے بارے میں جانتا تھا؟ خُداوند نے دکھ میں جواب دیا "ہاں لوپ وہ میرے بارے میں جانتا تھا اُس نے مجھے اپنا نجات دہندہ مانا تھا لیکن اُس نے میری خدمت نہیں کی۔ پھر میں نے اور زیادہ خوف محسوس کیا۔ لوئیس اور زیادہ اونچی آواز میں چلایا۔ خُداوند اس سے تکلیف پہنچتی ہے یہ تکلیف دہ ہے مہربانی سے مجھ پر رحم کریں۔ اُس نے دوبارہ اپنا ہاتھ خُداوند کی طرف بڑھایا لیکن اُس نے اُس کی بجائے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور ہم شعلوں سے چلے گئے۔ شعلوں کی لپیٹ میں آنے سے لوئیس اور زیادہ دکھی ہو گیا اور وہ زور سے چلایا، مجھ پر رحم کریں، مجھ پر رحم کریں، اور وہ شعلوں میں گم ہو گیا۔

ہم چلتے رہے یہ جگہ بہت بڑی اور ڈراؤنی تھی ہم ایک اور شعلے پر پہنچے اور میں نے خُداوند سے کہا" خُداوند نہیں میں اب ان میں سے کسی کو نہیں دیکھنا چاہتی" میں آپ سے رحم کی اپیل کرتی ہوں، مہربانی سے مجھے معاف کر دیں، میں یہ دیکھنا نہیں چاہتی، تب میں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔ لیکن آنکھیں بند یا کھلی ہونے سے کو فرق نہیں پڑتا تھا، میں نے پھر بھی سب کچھ دیکھ لیا۔ یہ شعلے آہستہ آہستہ نیچے جانا شروع ہو گئے اور میں نے ایک عورت کو دیکھنا شروع کر دیا وہ کیچڑ سے بھری ہوئی تھی اور وہ کیچڑ کیڑوں سے بھرا ہوا تھا۔ اُس کے تھوڑے سے بال رہ گئے تھے اور وہ کیچڑ کے کیڑوں کی کثرت سے ٹکیا بنی ہوئی تھی۔ وہ ہر طرف سے کیڑوں سے ڈھکی ہوئی تھی، وہ چلائی، خُداوند مجھ پر رحم کریں! خُداوند مجھ پر رحم کریں اور مجھے معاف کریں، مجھے دیکھیں اس سے مجھے اذیت پہنچتی ہے مجھ پر رحم کریں ان کیڑوں کو باہر نکالیں مجھے اسے عذاب سے باہر نکالیں کیونکہ یہ مجھے بہت زیادہ اذیت پہنچاتی ہے۔ خُداوند نے صرف اس کی طرف دکھ سے دیکھا۔ جیسے ہم نے اُس کا ہاتھ پکڑا ہم نے اُن تمام کھوئی ہوئی روحوں کے لئے اُس درد کو محسوس کیا جو خُداوند کے دل میں تھا جو ہمیشہ کے لئے دوزخ کے شعلوں میں جلیں گی۔

اس عورت کی آنکھیں اور ہونٹ نہ تھے لیکن وہ پھر بھی دکھ درد محسوس کر سکتی تھی تمام درد بہت زیادہ تھا۔ اُس کے ہاتھ میں تیزاب سے بھری ایک بوتل تھی لیکن اُس کا یہ ایمان تھا کہ یہ خوشبو ہے۔ میں دیکھ سکتی تھی کہ وہ تیزاب تھا لیکن وہ اسے ہر بار اپنے جسم پر چھڑک کر جلاتی تھی۔ بار بار وہ اس تیزاب کو اپنے جسم پر لگا کر جلاتی تھی وہ کہتی رہی کہ یہ ایک مہنگا والا پرفیوم ہے۔ اُسے یہ بھی یقین تھا کہ اُس نے مہنگا والا گلوبند پہنا ہوا تھا لیکن جو میں نے دیکھا وہ یہ دیکھا کہ سانپوں نے اُس کی گردن کے گرد بل ڈالے ہوئے تھے، اُسے یہ بھی یقین تھا کہ اُس نے بہت مہنگا بازوبند پہنا ہوا ہے لیکن میں نے یہ دیکھا کہ وہ درحقیقت کیڑے تھے جو تقریباً ایک فٹ لمبے تھے جو اُس کی ہڈیوں میں تیزی سے سوراخ کر رہے تھے۔ اُس نے کہا کہ اُس کے پورے زیورات ہیں لیکن میں نے بچھو اور کیڑے اُس کے پورے جسم کے گرد دیکھے۔ اُس کے اوپر دھاتی پلیٹ لگی ہوئی تھی جو دوزخ میں سب کے اوپر لگی ہوئی تھی اُس پر لکھا تھا کہ میں یہاں پر چوری کی وجہ سے ہوں۔ اس عورت کو اپنے گناہوں پر کوئی ندامت نہ تھی، خُداوند نے اُس سے پوچھا" مگدلین تم اس جگہ پر کیوں ہو؟" اُس نے جواب دیا کہ مجھے دوسروں کی چوری کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا، میرے لئے صرف ایک چیز اہمیت رکھتی تھی وہ یہ ہے کہ میرے پاس زیورات اور مہنگے پرفیوم ہوں۔ میں نے کبھی خیال نہیں کیا تھا کہ میں نے کس کس کی چوری کی جب تک کہ میں اچھی لگتی رہی۔

جیسے ہی میں نے کیڑوں کو اُس کے پورے جسم میں زور سے سوراخ کرتے دیکھا میں نے مسیح کا ہاتھ پکڑ لیا۔ مگدلین کچھ ڈھونڈنے کے لئے ادھر اُدھر پھر رہی تھی۔ میں نے خُداوند کو ایک بار پھر پوچھا" خُداوند کیا کہ شخصی طور پر آپ کے بارے میں جانتی تھی؟ اور خُداوند نے کہا" ہاں یہ مجھے جانتی تھی"

مگدلین نے ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے کہا خُداوند وہ عورت کہاں ہے جس نے مجھے آپ کے بارے میں بتایا تھا۔ وہ کہاں ہے؟ میں پندرہ سال سے دوزخ میں ہوں۔ دوزخ میں تمام لوگوں کو سب کچھ یاد ہوتا ہے، مگدلین پوچھتی رہی کہ وہ عورت کہاں ہے۔ میں اُس نہیں دیکھ سکتی۔ میں جانتی تھی کہ اُس کا جسم ادھر اُدھر نہیں گھوم سکتا تھا کیونکہ اُس کا گوشت ایک ہی حالت میں رہتا تھا وہ مڑنے اور دوسرے شعلوں کو دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی اُس عورت کو دیکھنے کے لئے جس نے اُسے خُداوند کے بارے میں بتایا تھا خُداوند نے جواب دیا، نہیں نہیں مگدلین وہ یہاں نہیں ہے۔ وہ عورت جس نے تمہیں میرے بارے میں بتایا تھا وہ میرے ساتھ آسمان کی بادشاہت میں ہے۔ یہ سنتے ہیں اُس نے اپنے آپ کو شعلوں میں گرایا جنہوں نے اُسے اور زیادہ جلا دیا۔ اُس کی دھاتی پلیٹ اس بات کی تصدیق کرتی تھی کہ وہ چور تھی، میں چاہتی ہوں کہ آپ خُداوند کی اس بات میں سے پڑھیں (یسعیاہ 3:24)" (اور یوں ہو گا) خُوشبو کے عوض بدبو؛ کمربند کے عوض رسی؛ گندھے ہوئے بالوں کے عوض گنجاپن؛ نفیس لباس کے عوض، ٹاٹ؛ اور حُسن کے عوض داغ ہوں گے"

جیسے جیسے ہم خُداوند کے ساتھ چل رہے تھے میں نے کیڑوں سے بھرا ایک ستون دیکھا اُس کے ارد گرد سرخ دھات کی تختی تھی اس ستون پر ایک چمکتا ہوا بورڈ لگا ہوا تھا جو کسی بھی جگہ سے دیکھا جا سکتا تھا اس بورڈ پر لکھا تھا "خوش آمدید جھوٹے اور گپی لوگو" اور اُس تختی کے آخر میں ایک چھوٹی سی اُبلتی ہوئی جھیل تھی وہ جلتے ہوئے دوزخ کے ایندھن کے جیسے لگتی تھی پھر میں نے اُس تختی پر سے پوری طرح ننگے آدمی کو اُترتے دیکھا جیسے ہی وہ نیچے آیا اُس کا گوشت چھل کر تختی سے چمٹ گیا۔ جب وہ اُبلتی ہوئی جھیل میں گرے اُن کی زبان پھیل کر پھٹ گئی اور اُن کی زبان کی جگہ پر کیڑے نمودار ہوئے اور اُن کا عذاب شروع ہو گیا۔ خُدا کا کلام (زبور 73:18،19) میں کہتا ہے "بے شک تو اُن کو پھسلنی راہ پر رکھتا ہے، اور ہلاکت کی طرف دھکیلتا ہے، وہ کیسے ایک لحظہ میں اُجڑ گئے ہیں، وہ نیست بالکل دہشتوں میں نابود ہو گئے ہیں"

یہ دیکھنے کے بعد ہم دوزخ سے واپس لے جائے گئے میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں کہ دوزخ اور جنت بالکل حقیقت ہیں۔ اس دنیاوی دنیا سے بھی زیادہ جسے ہم جانتے ہیں یہ وہ ہے جہاں آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ اپنی ابدی زندگی کہاں گذارنا چاہتے ہیں۔ ابدی زندگی یسوع کے ساتھ یا پھر جلتی ہوئی دوزخ میں۔ خُداوند ہمیں کہتا رہا کہ پاکیزگی کے بغیر کوئی شخص مجھے نہیں دیکھ سکتا (عبرانیوں 12:14)۔ اسی لئے میں پھر آپ کو وہی چیز بتاتی ہوں "پاکیزگی کے بغیر کوئی شخص خُداوند کو نہیں دیکھ سکتا۔

## تیسری گواہی ساندرہ

خُدا کے کلام پر چلتے ہیں (متی 10:28) میں مرقوم ہے "اُن سے مت ڈرو جو جسم کو تو مار سکتے ہیں بلکہ اُس سے ڈرو جو جسم اور جان دونوں کو جہنم میں ہلاک کر سکتا ہے"



جب بھی کوئی روح دوزخ میں پہنچتی ہے اُس شخص کو مردہ جسم چاہیے ہوتا ہے۔ خُداوند یسوع نے میرا ہاتھ پکڑا اور ہم نے تاریک سُرنگ سے نیچے کی طرف جانا شروع کر دیا جو زمین کے درمیان میں تھا۔ جہاں ہم پہنچے وہاں بہت سے دروازے تھے۔ ہم اُن میں سے ایک کھلے دروازے میں سے خُداوند کے ساتھ داخل ہوئے۔ میں خُداوند کا ہاتھ نہیں چھوڑوں گی اور اگر میں نے ایسا کیا تو میں ہمیشہ کے لئے دوزخ میں رہ جاؤں گی۔ اُس دروازے میں داخل ہوتے ہوئے میں نے بڑی دیوار دیکھی۔ وہاں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو اُس دیوار کے ساتھ لٹکے دیکھا اُن کے سر دیوار کے ساتھ بندھے تھے ہم نے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو شعلوں کے درمیان کھڑے دیکھا۔

ہم شعلوں میں سے ایک کے سامنے جا کر کھڑے ہوئے اور وہ آہستہ سے نیچے آنا شروع ہوا، جلد میں نے ایک آدمی کو اُس کے اندر دیکھا اور جب وہ بولا تو میں بتا سکتی ہوں کہ وہ آدمی ہی تھا۔ وہ آدمی کاہن کا لباس پہنے ہوئے تھا جو کہ بہت گندہ اور پھٹا ہوا تھا۔ کیڑے اندر اور باہر اُس کے پورے جسم پر حرکت کر رہے تھے۔ وہ آگ سے جلا ہوا نظر آ رہا تھا۔ اُس کی آنکھیں باہر نکلی ہوئی تھیں اور اُس کا گوشت پگھل رہا تھا اور زمین پر گر رہا تھا لیکن جب وہ پورا گوشت گر جائے گا تو وہ دوبارہ نیا اُگ آئے گا اور پورا مرحلہ دوبارہ ہو گا۔

جب اُس نے یسوع کو دیکھا تو اُس نے کہا "خُداوند مجھ پر رحم کریں، مجھ پر رحم کریں مہربانی کے لئے مجھے ایک لمحے کے لئے یہاں سے باہر نکالیں۔ اُس آدمی کے سینے پر ایک دھاتی پلیٹ تھی جس پر لکھا ہوا تھا کہ " میں یہاں چوری کی وجہ سے ہوں"۔ جب یسوع پاس آیا اور آدمی سے پوچھا کہ تمہارا کیا نام ہے؟ اُس آدمی نے جواب دیا اندریاس، خُداوند میرا نام اندریاس ہے۔ خُداوند نے اُسے پھر پوچھا کہ تم کب سے یہاں ہو؟ اندریاس نے جواب دیا کہ میں یہاں بہت دیر سے ہوں۔ اُس آدمی نے اپنی کہانی سنانی شروع کی

اُس نے کہا کہ اُس کی ذمہ داری ہدیہ جمع کرنے کی تھی اور کیتھولک چرچ میں غریبوں کے لئے مانٹری تقسیم کروانے کی تھی جبکہ وہ اس میں سے پیسے چُراتا تھا۔ رحم سے خُداوند نے اُس کی طرف دیکھا اور پوچھا "اندریاس کیا تم نے کبھی انجیل سنی ہے؟" اندریاس نے جواب دیا، ہاں خُداوند وہاں ایک مسیحی عورت تھی جو گرجا گھر میں گئی تھی اُس نے ایک دفعہ مجھے انجیل کی منادی کی تھی۔ لیکن میں اُسے قبول نہیں کرنا چاہتا تھا، میں اُس کا یقین نہیں کرنا چاہتا تھا۔ لیکن اب میں اُس پر یقین کرتا ہوں۔ اب مجھے یقین ہے کہ یہ حقیقت ہے مہربانی سے صرف ایک لمحے کے لئے خُداوند مجھے یہاں سے باہر نکالیں۔ وہ جیسے جیسے بول رہا تھا کیڑے اُس کی آنکھوں کے ذریعے داخل ہو رہے تھے اُس کے کانوں سے نکلتے ہوئے اُس کے منہ میں واپس آرہے تھے وہ اُنہیں اپنے ہاتھوں سے باہر نکالنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن یہ ناممکن تھا۔ وہ بری طرح سے چلا رہا تھا اور خُداوند کا رحم مانگ رہا تھا وہ یسوع سے کہتا رہا کہ وہ اُسے اس جگہ سے نکالے۔ اس سے بھی بری چیز یہ تھی کہ بدروحیں اُسے عذاب دے رہی تھیں وہ مسلسل نیزوں سے اُسے زخمی کر رہی تھیں۔ بدروحیں کھلونوں میں سے ایک گڑیا کی طرح لگتی تھیں۔ جسے ہم زمین پر "جورڈانو" کہتے تھے۔ میں نے وہ گڑیاں دوزخ میں دیکھی لیکن اب وہ گڑیاں نہیں تھیں وہ زندہ بدروحیں تھیں، وہ تقریباً تین فٹ لمبی اور اُن کے دانت بہت تیز تھے اُن کے منہ سے خون نکل رہا تھا اور اُن کی آنکھیں پوری طرح سرخ تھیں وہ اپنی پوری طاقت سے اندریاس کو چھریاں مار رہی تھیں۔ اور اُن تمام لوگوں کو بھی جو دوزخ کے اس حصے میں تھے۔ جب میں نے اس کا مشاہدہ کیا تو میں نے خُداوند سے پوچھا کہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ ایک گڑیا کے لئے جو زمین پر ہو وہ ہو بہو بدروحوں کی طرح لگے؟ خُداوند نے مجھے کہا کہ وہ دکھی روحیں تھیں۔



جیسے ہم چلتے رہے ہزاروں روحیں اذیت میں دیکھیں۔ جب بھی کوئی روح خُداوند کو دیکھتی وہ اُس کی طرف اپنے سکنی جسم کے ساتھ پہنچنے کی کوشش کرتی۔ میں نے ایک عورت کو دیکھا، جب اُس نے یسوع کو دیکھا تو اُس نے چلانا شروع کر دیا وہ سسکیاں لے رہی تھی۔ خُداوند مجھ پر رحم کریں اور مجھے یہاں سے باہر نکالیں۔ وہ بہت تکلیف میں تھی، اُس نے اپنا ہاتھ خُداوند کی طرف بڑھایا۔ وہ خُداوند سے کہتی رہی کہ وہ اُسے اس جگہ سے صرف ایک منٹ کے لئے باہر نکالے۔ وہ مکمل طور پر ننگی تھی اور مٹی سے ڈھکی ہوئی تھی اُس کے بال بہت گندے تھے اور کیڑے اُس کے جسم پر اوپر نیچے رینگ رہے تھے وہ اُنہیں اپنے ہاتھوں سے ہٹانے کی کوشش کرتی تھی لیکن ہر بار جب وہ کچھ ہٹاتی بہت سے اور آجاتے۔ یہ کیڑے چھ سے آٹھ انچ لمبے تھے۔ خُداوند کا کلام مرقس 9:44 میں کہتا ہے "جہاں کا نہ کیڑا مرتا ہے اور نہ آگ بجھتی ہے"

اس عورت کا نظارہ بہت خوفناک تھا اور اُس کی چیخیں جیسے کیڑے بے دردی سے اُس کا جسم کھا رہے تھے، اُس کی چھاتی پر ایک دھاتی پلیٹ تھی جو آگ کے شعلوں سے تباہ نہیں ہو سکتی تھی۔ اُس پر لکھا تھا "میں یہاں زناکاری کی وجہ سے ہوں" اپنے گناہوں کی وجہ سے ہی وہ بالکل اُسی طرح دوزخ میں تھی تمام بہروپیوں اور موٹے سانپوں کے ساتھ بدفعلی کرنے پر مجبور تھی۔ سانپوں کے جسم کے گرد بہت بڑے تقریباً چھ انچ لمبے کانٹے تھے۔ سانپ اُس کے جسم کے خاص حصوں میں گھس جاتا تھا اور وہاں سے اوپر کو چلتا ہوا اُس کے گلے تک پہنچ جاتا تھا۔ جب سانپ اُس کے اندر داخل ہوتا تو وہ چلانا شروع کر دیتی تھی۔ اُس نے نہایت شدت کے ساتھ خُداوند سے کہا کہ وہ اسے وہاں سے باہر نکالے "خُداوند میں یہاں بدفعلی کی وجہ سے ہوں، میں یہاں سات سال سے ہوں، جب میری ایڈز کے ساتھ موت ہوئی تو میرے چھ چاہنے والے تھے اور میں یہاں بدفعلی کی وجہ سے ہوں۔ دوزخ میں اپنے گناہوں پر پوری زندگی پچھتاتا تھا۔ اُسے دن اور رات کا کوئی آرام نہ تھا اور ہر وقت ایک ہی جیسی اذیت میں تکلیف برداشت کر رہی تھی۔ اُس نے اپنا ہاتھ خُداوند کی طرف بڑھانے کی کوشش کی لیکن خُداوند نے اُسے بتایا کہ بلا نسہ ابھی بہت دیر ہو چکی ہے کیڑے تمہارا بستر ہوں گے اور کیڑے تمہیں ڈھانپ لیں گے (یسعیاہ 14:11)۔

جب خُداوند نے اُسے ایسا کہا آگ کے ایک کمبل نے اُسے ڈھانپ دیا اور میں پھر کبھی اس نہ دیکھ سکی۔ ہم ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو دیکھتے ہوئے چلتے رہے۔ وہاں نوجوان، جوان اور بزرگ لوگ عذاب برداشت کر رہے تھے۔ ہم ایک جگہ پہنچے جو آگ کے بڑے تیراکی والے تلاب کی طرح لگتی تھی اور اُس کے اندر ہزاروں کی تعداد میں مرد اور خواتین تھیں اُن میں سے ہر ایک کی چھاتی پر ایک دھاتی پلیٹ نصب تھی جہاں لکھا تھا "کہ میں یہاں ہدیہ نہ دینے کی وجہ سے ہوں"۔ میں نے جب یہ پڑھا تو خُداوند سے پوچھا کہ خُداوند یہ کیسے ممکن ہے کہ یہ لوگ یہاں پر اس وجہ سے ہیں؟ خُداوند نے جواب دیا۔ ہاں، کیونکہ یہ لوگ سوچتے تھے کہ دہ یکی اور نذرانے کوئی اہمیت نہیں رکھتے جبکہ میرا کلام یہ حکم دیتا ہے (ملاکی 3:8،9) میں یوں لکھا ہے "کیا کوئی آدمی خُدا کو ٹھگے گا؟ پر تم مجھے ٹھگتے ہو اور پوچھتے ہو کہ ہم کس بات میں تجھے ٹھگتے ہیں؟ دہ یکیوں اور ہدیوں میں۔ پس تم ملعون ہو۔۔۔۔ اور تمہاری ساری قوم ملعون ہے۔۔۔ کیونکہ تم مجھے ٹھگتے رہے دہ یکی ذخیرہ خانے میں لاؤ۔۔۔۔ "خُداوند نے مجھے بتایا کہ جب اُس کے لوگ اپنی دہ یکی ادا نہیں کرتے تو اس سے خُداوند کے کام میں رکاوٹ آتی ہے۔ جس کی وجہ سے انجیل کی منادی رُک جاتی ہے۔

اس جگہ کے لوگوں کو دوسروں سے ہزار گنا زیادہ اذیت مل رہی تھی کیونکہ اُنہوں نے خُداوند کے کلام جانا تھا لیکن نافرمانی کی تھی۔ ہم چلتے رہے اور خُداوند نے مجھے ایک آدمی دکھایا، میں اُس کی کمر سے سر تک اُسے دیکھ سکتی تھی اور پھر میں نے رویا دیکھنا شروع کی کہ وہ کیسے مرا ہو گا۔ اُس کا نام روحیلو تھا۔ وہ اپنی گاڑی میں تھا جب ایک شخص اُسے انجیل کی منادی دینے آیا اور اُسے بائبل دی لیکن روحیلو نے اُس کی تنبیہ کو رد کر دیا اور اپنی راہ پر چلتا ہے یہ جانے بغیر کہ کچھ منٹ بعد اُس کی کار تباہ ہو جائے گی۔ وہ کھڑی چٹان سے گر گیا اور جلد مر گیا۔ جس وقت وہ مرا بائبل نے مکاشفہ 21:8 کا حوالہ کھولا "مگر بزدلوں اور بے ایمانوں اور گھنونے لوگوں اور خونیوں اور حرامکاروں اور جادو گروں اور بُت پرستوں اور سب جھوٹوں کا حصہ اُس جھیل میں ہو گا جو آگ اور گندھک سے جلتی رہتی ہے یہ دوسری موت ہے "جب روحیلو نے یہ آیت پڑھی تو وہ مر گیا اور دوزخ میں پہنچ گیا وہ ایک ماہ سے وہاں تھا اور اُس کے منہ پر کچھ گوشت باقی تھا لیکن وہ باقی سب کی طرح اذیت برداشت کر رہا تھا۔ پہلے وہ نہیں جانتا تھا کہ وہ دوزخ میں کیوں تھا۔ میرے خیال میں جب وہ مسیحی اُس کی گاڑی کے پاس آیا وہ اُس کا خُداوند یسوع مسیح کو قبول کرنے کا آخری موقع تھا۔ اسی طرح بہت سے لوگوں کو یسوع مسیح کو قبول کرنے کا موقع ملتا ہے۔ آج میں آپ کو دعوت دیتی ہوں کہ اپنے دل خُداوند کے لئے کھولیں۔ وہ تنہا ہی راہ، حق اور زندگی ہے (یوحنا 14:6)۔ صرف اُسی کے ذریعے ہم خُدا کی بادشاہی میں محفوظ ہو سکتے ہیں (اعمال 4:12)۔ خُداوند بھی ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم پاکیزگی اور رُتبہ میں اُس کے راستے پر چلیں، خُداوند تمہیں برکت دے!

## چوتھی گواہی۔۔۔۔

بھائیو خُداوند آپ کو برکت دے، جب خُداوند نے میرا ہاتھ پکڑا تو میں دیکھ سکتا تھا کہ میں چٹان پر کھڑا تھا اور اپنے پیچھے میں نے ایک فرشتہ دیکھا ہم نے سُرنگ کے ذریعے تیز رفتار سے اُترنا شروع کیا، میں جلدی سے مڑا اور دیکھا کہ فرشتہ جا چکا تھا، اور میں نے بہت زیادہ ڈر محسوس کیا۔ میں نے خُداوند سے پوچھا کہ فرشتہ کہاں ہے؟ وہ اب یہاں کیوں نہیں ہے؟ خُداوند نے کہا کہ وہ وہاں نہیں جا سکتا جہاں ہم جانے کو ہیں ہم نیچے کو جاتے رہیں اور پھر اچانک سے لفٹ کی طرح رُک گئے۔ میں نے بہت سی سُرنگیں دیکھیں لیکن ہم ایک میں سے داخل ہوئے جس کا ذکر میری بہن ساندرہ نے کیا تھا۔ وہ سُرنگ جہاں پر لوگ ہکس کے ساتھ ہاتھوں سے لٹکے ہوئے تھے، اُن کی کلائیوں کے گرد ہتھکڑیاں تھیں وہ دیوار جہاں پر لوگ تھے ناقابل بیان تھی۔ لاکھوں کی تعداد میں لوگ وہاں لٹکے ہوئے تھے اور اُن کے پورے جسم کے گرد کیڑے تھے میں نے آگے کی طرف دیکھا تو وہاں ایک اور دیوار تھی بالکل ویسی ہی جیسی پہلی تھی۔ میں نے خُداوند سے کہا، خُداوند یہاں تو بہت لوگ ہیں۔ اچانک کلام کی ایک آیت میرے ذہن میں آئی۔ اُس پر میں نے نہ پہچانا، خُداوند نے مجھے بتایا کہ دوزخ اور عالمِ اسفل ہمیشہ بھوکے رہتے ہیں (امثال 27:20 )



ہم وہاں سے رخصت ہو کر ایک اور جگہ پہنچے جو دیگوں کی وادی کہلاتی تھی۔ دیگیں اُبلتے ہوئے کیچڑ سے بھری ہوئی تھیں۔ ہم اُن میں سے ایک کے پاس گئے۔ سب سے پہلا شخص جو میں نے دیکھا وہ ایک عورت تھی اُس کا جسم اُبلتے ہوئے کیچڑ کے ساتھ تیرتا اور ڈوبتا تھا لیکن جب خُداوند نے اُس کی طرف دیکھا تو اُس نے حرکت کرنا بند کر دی۔ اور وہ اس کیچڑ میں کمر تک ساکن کھڑی ہو گئی۔ خُداوند نے اس خاتون سے پوچھا تمہارا کیا نام ہے؟ اُس نے جواب دیا میرا نام روبیلا ہے۔ اُس کے بال اُبلتے ہوئے کیچڑ سے بھرے تھے اور اُس کا گوشت اُس کی ہڈیوں سے چمٹا ہوا تھا جو کہ آگ سے کالا ہو چکا تھا اُس کی آنکھوں کے سراخوں سے کیڑے داخل ہوتے اور منہ کے رستے باہر آ رہے تھے پھر ناک سے داخل ہو کر کانوں سے باہر آ رہے تھے۔ جب کیڑے داخل نہ ہوتے تو وہ سراخ بنا لیتے تاکہ وہاں سے جسم کے دوسرے حصوں میں جا سکیں جس کی وجہ سے ناقابلِ بیان درد ہوتا تھا وہ چلائی، خُداوند مجھے یہاں سے باہر نکالیں اور مجھ پر رحم کریں میں یہاں مزید اس طرح نہیں رہ سکتی اس سب کو بند کروا دیں مجھ پر رحم کریں، خُداوند نے اُس سے پوچھا کہ وہ یہاں پر کیوں تھی اُس نے کہا کہ بے جا غرور کی وجہ سے اور یہی اُس کی دھاتی پلیٹ پر لکھا ہوا تھا جو اُس کی چھاتی کے ساتھ نصب تھی۔ اُس کے ہاتھ میں ایک سادہ بوتل تھی لیکن اُس کے نزدیک یہ ایک مہنگے پرفیوم کی بوتل تھی، روبیلا کو تیزاب سے بھری بوتل لینی تھی اور اپنے پورے جسم پر اس کا چھڑکاؤ کرنا تھا جس کی وجہ سے اُس کا تمام گوشت پگھل گیا اور وہ بے حد درد کا باعث بنا۔ وہ چلائی خُداوند، خُداوند مجھ پر رحم کریں۔ میں یہاں مزید ایک سیکنڈ بھی نہیں رہ سکتی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ پرفیوم استعمال کرنا ایک گناہ ہے لیکن خُدا ہمیں بتاتا ہے کہ وہ عورت وہاں اپنے پرفیوم کی وجہ سے وہاں تھی۔ کیونکہ خُداوند کا کلام ہمیں (تثنیہ شرع 5:7) بتاتا ہے "میرے حضور میں تیرے لئے کوئی دوسرے معبود نہ ہوں" وہ وہاں اس لئے تھی کیونکہ اُس کی خوبصورتی، پرفیوم اور غرور کی اُس کی زندگی میں اولین جگہ تھی جبکہ خُداوند یسوع مسیح بادشاہوں کا بادشاہ اور خُداوندوں کا خُداوند ہے اُسے ہی اپنی زندگی میں پہلا مقام ملنا چاہیے اسی لئے وہ وہاں تھی۔ دکھ کے ساتھ خُداوند نے اُس کی طرف دیکھا اور کہا روبیلا ابھی بہت دیر ہو چکی ہے کیڑے ہی تمہارا بستر ہوں گے اور وہی تمہیں ڈھانپیں گے۔ جب خُداوند نے اُسے یہ کہا تو آگ کے ایک کمبل نے اُسے مکمل طور پر گھیر لیا جبکہ اُس کا جسم دیگ کے اندر ضائع ہو رہا تھا اُسے بہت خوفناک درد محسوس ہو رہا تھا

پھر ہم وہاں سے دُور چلے گئے اور جن کے دروازوں میں پہنچے، جیسے ہی ہم اُن کے پاس پہنچے اُنہوں نے ہمارے لئے دروازہ کھولا۔ دوسری طرف ہم نے جنوں کا غار دیکھا، میں نے جیسے ہی اوپر دیکھا، میں نے دیکھا کہ مختلف رنگوں کی روشنیاں بادل کے دھوئیں کی طرح حرکت کر رہی تھیں۔ اچانک ہم نے سنگیت کی آواز سنی، سالسہ، بے لینتو، راک اور مختلف قسم کے سنگیت جو لوگ ریڈیو میں سنتے ہی بج رہا تھا۔ خُداوند نے اپنے ہاتھ سے حرکت دی اور ہم نے لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کے ہاتھوں میں زنجیریں بندھی ہوئی دیکھیں اور وہ آگ پر وحشیوں کی طرح چھلانگیں لگا رہے تھے۔

خُداوند نے ہماری طرف دیکھا اور کہا "دیکھو یہی ناچنے والوں کی مزدوری ہے" اُنہیں یونہی سنگیت کی تھاپ پر اوپر نیچے چھلانگیں مارنا ہیں ایک سالسہ بج رہا ہوا نہیں اُس کی تھاپ پر چھلانگیں لگانی ہیں اگر کسی دوسری قسم کا میوزک بج رہا ہو تو بھی اُنہیں اُس کی تھاپ پر چھلانگیں لگانی ہیں وہ کبھی بھی چھلانگیں لگانا بند نہیں کر سکتے اس سے بھی بری بات یہ ہے کہ اُن کے جوتوں کے تلوں پر چھ انچ لمبی سیخیں ہیں جب وہ چھلانگ لگاتی ہیں تو یہ اُن کے پاؤں کو زخمی کر دیتی ہیں اور اُن کو آرام کا ایک لمحہ بھی میسر نہیں جب کوئی اُنہیں روکنے کی کوشش کرتا ہے تو بدروحیں آ کر اُن پر نیزوں سے حملہ کریں گی اور اُن پر لعنت کریں گی اور کہیں گی اُس کی تعریف ہو، اب یہ ہماری بادشاہی ہے، شیطان کی حمد ہو، تم نہیں رُک سکتے اُس کی حمد ہو، اُس کی حمد ہو، اُنہیں اُس کی تعریف کرنی ہے تمہیں چھلانگیں لگانی ہی ہیں تمہیں ڈانس کرنا ہے۔ تم ایک لمحے کے لئے بھی نہیں رُک سکتے یہ بہت افسوسناک

بات تھی کہ اُن میں سے بہت سے لوگ کرسچن تھے جو خُداوند کو جانتے تھے لیکن وہ نائٹ کلبوں میں تھے جب وہ مرے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ پوچھ رہے ہوں کہ بائبل میں کہاں لکھا ہے کہ ڈانس کرنا غلط ہے؟(یعقوب 4:4) میں خُدا کا کلام کہتا ہے "اے زناکارو کیا تم نہیں جانتے کہ دنیا کی دوستی خُدا کی دشمنی ہے پس جو کوئی چاہتا ہے کہ اس دنیا کا دوست ہو وہ اپنے آپ کو خُدا کا دشمن ٹھہراتا ہے "(1 یوحنا 2:15،17 ) میں بھی ہے "دنیا اور دنیا کی چیزوں کی محبت نہ رکھو جو کوئی دنیا کی محبت رکھتا ہے اُس میں باپ کی محبت نہیں کیونکہ جو کچھ دنیا میں ہے وہ جسم کی خواہش اور آنکھوں کی خواہش اور زندگی کی مغروری ہے وہ باپ سے نہیں بلکہ دنیا سے ہے اور دنیا اور اُس کی خواہش مٹتی جاتی ہے لیکن جو کوئی خُدا کی مرضی پر چلتا ہے وہ ہمیشہ تک قائم رہتا ہے" یاد رکھو کہ دنیا گذر جائے گی یہ سب کچھ تباہ ہو جائے گا لیکن وہ جو خُداوند کی مرضی پوری کرتا ہے ہمیشہ قائم رہے گا۔

میرے دوستو اور بھائیو! جب ہم نے اُس جگہ کو چھوڑا ہم نے پُل کی طرح ایک چیز دیکھی جو دوزخ کو اذیت کے مختلف حصوں میں تبدیل کرتی تھی ہم نے ایک روح کو چلنے والے پُل کے اوپر چلتے ہوئے دیکھا۔ یہ گڑیا کی طرح تھی جو ہم نے زمین پر دیکھی تھی ہم اُسے ہر وقت کام کے دوران گانے والا خزانہ کہتے تھے۔ اُن کا چہرہ بوڑھے آدمی کے چہرے جیسا ہے لیکن جسم جنسی اعضاء کے بغیر ایک بچے کا سا ہے۔ اُس کی آنکھیں بدی سے بھری ہوئی تھیں خُداوند نے وضاحت کی کہ یہ کھوئی ہوئی روحیں ہیں۔ اس روح کے ہاتھ میں نیزہ تھا اور وہ پر تکلف انداز میں پیدل کراس کرنے والے پُل پر چل رہے تھے جیسے وہ بادشاہ ہو۔ جیسے جیسے وہ چلتا تھا وہ لوگوں کو ذبح کرتا تھا وہ اُنہیں یہ کہتے ہوئے لعنت کرتا تھا "اس دن کو یاد کرو جب تم مسیحی چرچ کے باہر تھے اور تم چرچ کے اندر نہیں آنا چاہتے تھے۔ اُس دن کو یاد کرو جب اُنہوں نے تمہیں تبلیغ کی اور تم نے اُسے نہ سنا۔ اُس دن کو یاد کرو جب اُنہوں نے تمہیں انجیل کا قطعہ دیا اور تم نے اُسے پھینک دیا۔ کھوئی ہوئی روحیں وہ حصہ ڈھانپنے کی کوشش کریں گی جہاں اُن کے کان تھے، وہ بدروحوں کی جواب دیں گی منہ بند کرو، منہ بند کرو میں مزید اسے سننا نہیں چاہتا، چپ رہو۔ جبکہ بدروحیں ایسا ہی کریں گی کیونکہ ایسا کرنے سے اُن روحوں کا درد زیادہ بڑھتا ہے۔



ہم لوگوں کے ہجوم کے طرف دیکھتے ہوئے خُداوند کے ساتھ چلتے رہے، ہم نے ایک آدمی کو دیکھا جو دوسروں سے زیادہ چلا رہا تھا جو وہاں جل رہے تھے۔ وہ کہہ رہا تھا باپ باپ مجھ پر رحم کریں، خُداوند اُس کی طرف دیکھے بنا نہ رہ سکے۔ جب اُنہوں نے یہ الفاظ سنے "باپ" اُنہوں نے اپنا سر ہلایا اور ارد گرد دیکھا، یسوع نے اُس کی طرف دیکھا اور کہا، باپ؟ تم نے مجھے باپ کہا؟ نہیں میں تمہارا باپ نہیں ہوں اور نہ ہی تم میرے بیٹے ہو، اگر تم میرے بیٹے ہوتے تو آج میرے ساتھ آسمان کی بادشاہی میں ہوتے۔ تم اپنے باپ شیطان کے بیٹے ہو، اچانک سے آگ کا کمبل آیا اور اُس نے اُس کے پورے جسم کو ڈھانپ لیا۔

خُداوند نے ہمیں اُس آدمی کی کہانی سنائی، اُس آدمی نے اُسے باپ کہا کیونکہ وہ اُسے جانتا تھا، وہ چرچ جاتا تھا اور خُدا کو اُس کے کلام کے ذریعے سنتا تھا، اور اُس نے خُدا سے بہت سے وعدے کئے۔ تب ہم نے پوچھا، کیا ہوا خُداوند پھر وہ یہاں کیوں ہے؟ خُداوند نے جواب دیا وہ دوہری زندگی گذار رہا تھا، وہ آدھی زندگی گھر اور آدھی زندگی چرچ میں گذار رہا تھا، اُس نے اپنے دل میں سوچا تھا کہ کوئی بھی اُس کے قریب نہیں تھا، نہ کوئی پادری، نہ کوئی بھائی۔ اس لئے میں وہ سب کچھ کر سکتا ہوں، جو میں چاہتا ہوں۔ لیکن وہ بھول گیا کہ خُداوند کی آنکھ تمام لوگوں پر لگی ہوئی ہے اور کوئی بھی چیز اُس کی آنکھ سے چھپ نہیں سکتی۔ خُدا کا کلام (غلاطیوں 6:7) میں ہمیں بتاتا ہے کہ "تم دھوکہ مت کھاؤ خُداوند ٹھٹھوں میں اُڑایا نہیں جاتا کیونکہ آدمی جو کچھ بوتا ہے وہی کاٹتا ہے"۔ یہ آدمی اُن لوگوں سے ہزار گنا زیادہ بری طرح سے اذیت برداشت کر رہا تھا، وہ دوہری اذیت برداشت کر رہا تھا ایک اپنے گناہوں کی اور دوسرا یہ سوچنے کی کہ وہ خُداوند کو دھوکہ دے سکتا ہے۔

آج لوگ گناہوں کاوزن کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ سوچتے ہیں کہ ہم جنسی، چوری، قتل، جھوٹ یاگپ سے بڑے گناہ ہیں۔ لیکن خُداوند کی نظر میں تمام گناہوں کاوزن ایک ساہےاورایک سااجر ہے۔ بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ گناہ کی مزدوری موت ہے، جس شخص نے گناہ کیافقط وہی مرے گا(رومیوں 6:23)(حزقیال 18:20)۔


میرے دوستواور بھائیو! میں آپ کودعوت دیتاہوں کہ یسوع کی دعوت قبول کرلیں، یسوع آپ کی طرف رحم سے اپناہاتھ بڑھارہاہے۔ اگر آپ پچھتائیں خُداکاکلام ہمیں بتاتا ہے کہ جو کوئی اپنے رستوں کو تبدیل کرتاہےاور پچھتاتاہے اُسے رحم دیاجائے گا۔ بعد میں سخت راستہ تلاش کرنے اور انتظار کرنے سے بہتر ہے کہ ابھی ایمان لائیں۔

## پانچویں گواہی۔۔۔۔

خُداکاکلام ہمیں رومیوں 6:23 میں بتاتاہے "کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے مگر خُداکی نعمت ہمارے خُداوند یسوع مسیح میں دائمی حیات ہے"۔ جب ہم وہاں نیچے گئے تو میں نے مردہ ہونے کاتجربہ کیااور درد محسوس کیا۔ میں نے جو دیکھااُس کی وجہ سے بہت زیادہ خوفزدہ تھا۔ میں نے محسوس کیاکہ وہاں پر بہت زیادہ لوگ تھےاور وہ تمام رواور چلا رہے تھے وہاں پر مکمل اندھیراتھامگر خُداوند کی موجودگی کی وجہ سے اندھیراغائب ہوگیا۔ ہم نے دیکھاکہ ہزاروں کی تعداد میں روحیں مدد کے لئے چلارہی تھیں، وہ چلارہی تھیں تاکہ خُداوندا نہیں اُس جگہ سے باہر نکالے۔ ہم نے زیادہ درد محسوس کیاکیونکہ ہم جانتے تھے کہ خُداوندا نہیں دیکھ کر بہت زیادہ اذیت میں تھے۔ بہت سے چلارہے تھے کہ خُداوند اُنہیں ایک منٹ یاایک سیکنڈ کے لئے باہر نکالے۔ خُداوند نے اُن سے پوچھاکہ تم کیوں باہر آنے چاہتے ہواور اُنہوں نے جواب دیاکیونکہ وہ بچناچاہتے تھے! میں پچھتاتااور بچنا چاہتاہوں۔ جبکہ اُن کے لئے بہت دیر ہوچکی تھی۔

عزیزلوگو! تم جوابھی میری بات سن رہے ہو، صرف ابھی موقع ہے کہ ہمیشہ کی زندگی چُن لو، تم ابھی یاتونجات کی ابدی زندگی چُن سکتے ہو یاپھر ابدی درد کی جگہ، ہم اور زیادہ نیچے گئے ہم نے دیکھاکہ جس فرش پر ہم چل رہے تھے وہ آگ سے تباہ ہوچکاتھاکیچڑاور شعلے وہاں سے نکل رہے تھے، وہاں سے بہت خوفناک بدبو آرہی تھی۔

ہم اُس بدبو سے بہت زیادہ پریشان تھےاور ہمارادل اُس بدبواور لوگوں کی چیخوں سے بہت خراب ہوا۔



ہم نے دُور سے ایک آدمی کو دیکھاوہ جلتے ہوئے کیچڑ میں کمر تک ڈوباہواتھاجب بھی وہ اپنابازونکالتاتواُس کی ہڈیوں سے گوشت پگھل کر کیچڑ میں گرتا، ہم اُس کے ڈھانچے کے اندر خاکستری دُھند دیکھ سکتے تھے ہم نے خُداوند سے پوچھاکہ وہ کیاتھا۔ اس قسم کی دُھند دوزخ میں ہر شخص کے اندر تھی خُداوند نے ہمیں بتایاکہ یہ اُن کی روح تھی جو کہ اُن کے گناہگار جسم کے اندر پھنسی ہوئی تھی جیساکہ (مکاشفہ 14:11) میں مرقوم ہے "اور اُن کے عذاب کادھواں ابدالاباد تک اُٹھتا رہے گااور جو اُس حیوان اور اُس کی مورت کی پرستش کرتے ہیں اور جو کوئی اُس کے نام کانشان رکھتے ہیں اُن کو رات دن آرام نہیں ملتا" ہم نے بہت سی چیزوں کو سمجھناشروع کردیاجو ہم زمین پر نظرانداز کرتے تھے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ واضح پیغام یہ تھاکہ ہماری زندگیاں زمین پرارادہ کرتی ہیں کہ ہم اپنی زندگی کہاں گذاریں گے۔

جیسے ہم خُداوند کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر چلتے رہے ہم نے دوزخ اور عذاب کی مختلف جگہوں کو پہچانا، ہم ایک مختلف کوٹھریوں والی جگہ پر آئے جو روحوں کے عذاب پر مشتمل تھی۔ روحیں مختلف قسم کی بدروحوں سے عذاب سہہ رہی تھیں۔ بدروحیں روحوں کو یہ کہتے ہوئے لعنت کر رہی تھیں "تم لعنتی، مصیبت زدہ، شیطان کی حمد ہو، اُس کی ایسے خدمت کرو جیسے تم نے دنیا میں کی" روحیں بری طرح سے کیڑوں کی وجہ سے اذیت میں تھیں اور آگ اُن کے جسم پر تیزاب کی طرح تھی۔

ہم نے ایک قید خانے میں دو آدمی دیکھے، دونوں کے ہاتھوں میں خنجر تھے اور وہ ایک دوسرے کو گھونپ رہے تھے وہ ایک دوسرے کو کہہ رہے تھے "تم لعنتی، مصیبت زدہ تمہاری وجہ سے میں یہاں پر ہوں، تم مجھے یہاں لائے ہو کیونکہ تم نے مجھے سچائی سے اندھا کر دیا اور مجھے خُداوند کو پہچاننے نہیں دیا۔ تم نے مجھے اُسے قبول کرنے نہیں دیا۔ میرے پاس بہت سے مواقع آئے لیکن تم نے مجھے اُسے قبول نہیں کرنے دیا، اسی لئے میں یہاں دن رات عذاب میں ہوں۔

ایک رویا کے ذریعے خُداوند نے ہمیں زمین پر اُن کی زندگی دکھائی، ہم نے اُنہیں اکٹھے مے خانے میں دیکھا، ایک بحث شروع ہو گئی جو لڑائی میں تبدیل ہو گئی وہ پہلے سے نشے میں تھے، اُن میں سے ایک نے ٹوٹی ہوئی بوتل اُٹھائی اور دوسرے نے چھری۔ وہ لڑتے رہے جب تک وہ دونوں زخمی ہو کر مر گئے۔ اُن دونوں آدمیوں کو یہ سزا ملی کہ وہ ہمیشہ اس منظر کو دوہراتے رہیں۔ وہ اس یاد کے عذاب میں بھی تھے کہ وہ زمین پر بہت اچھے دوست تھے، اُن کا پیار ایک دوسرے لئے بھائیوں جیسا تھا۔ میں آج آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ صرف ایک ہی سچا دوست ہے اور اُس کا نام یسوع ناصری ہے وہ ہی سچا دوست ہے وہ وفادار دوست ہے جو ہر لمحہ آپ کے ساتھ ہے۔

ہم جیسے جیسے چل رہے تھے ہم نے ایک کوٹھری میں ایک عورت کو دیکھا وہ کیچڑ میں لوٹ پوٹ کر رہی تھی، اُس کے پورے بال کیچڑ سے اَٹے ہوئے تھے۔ اُسی کوٹھری کے اندر بڑا اور موٹا سانپ تھا، یہ اُس کے نزدیک گیا اور اس کے جسم کے گرد بل ڈالے اور اُس کے جسم کے نچلے حصے سے اُس کے اندر چلا گیا۔ وہ اس سانپ کے ساتھ جنسی تعلق قائم کرنے پر مجبور تھی۔ اُس جگہ پر تمام خواتین حضرات ایسا کرنے پر مجبور تھے جنہوں نے اپنی زندگی زناکاری میں گذاری تھی، جب اُنہیں یہ سب کچھ سانپوں کے ساتھ کرنا پڑ رہا تھا جن کے اوپر چھ انچ لمبے کانٹے تھے، سانپ ہر بار جب اُس کے اندر جاتا تو اُس کا جسم تباہ کر دیتا، وہ خُداوند کے سامنے چلائی کہ وہ یہ سب ختم کر دے وہ مزید اذیت برداشت نہیں کر سکتی "اس کو ختم کر دیں، میں یہ دوبارہ نہیں کروں گی" مہربانی سے اسے ختم کر دیں۔ وہ خُداوند سے اس کی بھیک مانگ رہی تھی۔ جیسے ہی ہر بار سانپ اُس کے اندر جاتا تھا اُس کا جسم تباہ کر دیتا تھا۔

ہم نے اُس کی چیخوں کی وجہ سے اپنے کان بند کر لئے، لیکن پھر بھی ہم اُسے سن سکتے تھے، ہم پھر سختی سے اپنے کان بند کرنے کی کوشش کی لیکن اس سے بھی کچھ فائدہ نہ ہوا۔ ہم نے خُداوند سے کہا کہ ہم اسے مزید دیکھنا اور سننا نہیں چاہتے۔ مہربانی سے خُداوند نے کہا، یہ ضروری ہے کہ تم یہ سب دیکھو اور دوسروں کو بتا سکو، کیونکہ میرے لوگ تباہ ہو رہے ہیں اور میرے لوگ اصلی نجات کو نظرانداز کر رہے ہیں، اصلی نجات کے راستے کو نظرانداز کر رہے ہیں۔

ہم چلتے رہے اور ہم نے جنات کی جھیل دیکھی اور ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو شعلوں کے درمیان دیکھا۔ وہ مدد کے لئے ہاتھ ہلا رہے تھے لیکن وہاں بہت سی بدروحیں اُڑ رہی تھیں یہ بدروحیں نیزہ استعمال کر رہی تھیں، ساتھ میں مڑے ہوئے نیزوں کے اوپر والے حصے اُن لوگوں کے لئے جو جھیل میں جل رہے تھے۔ بدروحوں نے اُنہیں یہ کہتے ہوئے گالیاں دیں اور لعنت کی، تم لعنتی بدنصیب! تمہیں اب شیطان کی پوجا کرنی ہے، اُس کی حمد ہو، اُس کی تعریف ہو جیسے تم نے زمین پر کی۔ وہاں ہزاروں کی تعداد میں لوگ تھے۔ ہم بہت ڈرے ہوئے تھے ہم نے محسوس کیا کہ اگر ہم نے خُداوند کا ہاتھ نہ پکڑا ہوتا تو ہم اس خوفناک جگہ پر ہی رہ جاتے۔ ہم اُن چیزوں سے خوفزدہ تھے جو ہم محسوس کر رہے تھے۔

کچھ فاصلے پر ہم نے ایک آدمی کو کھڑے دیکھا جو بہت درد اور جانکنی میں تھی۔ اُس کے اوپر دو بدروحیں منڈلا رہی تھیں اور عذاب پہنچا رہی تھیں۔ وہ اپنے نیزے اُس کے جسم میں گھونپ رہی تھیں جس سے اُس کی پسلیاں باہر نکال رہیں تھیں۔ وہ پورا وقت اُس کا مذاق بھی اُڑا رہی تھیں۔ خُداوند نے مجھے دکھایا کہ یہ شخص اپنے خاندان کی وجہ سے جو یہ زمین پر چھوڑ آیا تھا بھی پریشان اور عذاب میں تھا۔ وہ آدمی نہیں چاہتا تھا کہ اُس کا خاندان بھی اُس عذاب کی جگہ پر پہنچے جہاں وہ تھا۔ وہ اس لئے پریشان تھا کیونکہ اُس نے اُنہیں کبھی بھی نجات کا پیغام نہیں دیا تھا۔ وہ بہت اہم شخص تھا جو یہ پیغام اپنے گھرانے کو دے سکتا تھا، لیکن اُس نے لاپرواہی کرنے کو ترجیح دی اور اب وہ اپنے بیٹوں اور بیوی کی وجہ سے پریشان تھا۔

یہ عذاب جاری رہا۔ بدروحوں نے اُس کے بازو کاٹ دیئے وہ جلتے ہوئے کیچڑ میں گر گیا۔ اُس جلتے ہوئے کیچڑ کی وجہ سے وہ کیڑوں کی طرح ایک جگہ سے دوسری جگہ گھوم رہا تھا۔ اُس کا گوشت اُس کی ہڈیوں سے گرمی کی وجہ سے پگھل رہا تھا، پھر اُس نے سانپ کی طرح چکر کاٹنا شروع کئے اور وہاں سے نکلنے کی کوشش کی لیکن بے سود۔ وہ ہر بار وہاں سے نکلنے کی کوشش کرتا تھا بدروحیں اُسے واپس دھکیل دیتی تھی اور وہ کیچڑ میں اور گہرا دھنس جاتا تھا۔

ہم نے پھر ایک جگہ پر بہت سی بدروحیں دیکھیں، ایک چیز نے میری توجہ حاصل کی، میں نے خیال کیا کہ ایک بدروح کا ایک پَر نہیں تھا۔ میں نے خُداوند سے پوچھا کہ اس بدروح کا ایک پَر کیوں نہیں ہے؟ خُداوند نے کہا کہ یہ بدروح زمین پر ایک مقصد کے لئے بھیجی گئی تھی، لیکن اس نے اپنا کام پورا نہیں کیا اور خُداوند کے ایک خادم نے اسے دوبارہ دوزخ میں بھیج دیا پھر شیطان آیا اور اسے سزا دی اور اس کا ایک پَر کاٹ دیا۔ ہمیں پھر سمجھ آیا کہ ہم مسیحیوں کو زمین پر خُداوند یسوع مسیح کے نام میں اختیار ہے کہ بدروحوں کو اُن کی ریاست میں نکالنے کا۔

عزیز دوستو! تم جو اس وقت کلام سن رہے ہو یہ گواہی رد کرنے کے لئے نہیں بلکہ نجات کے لئے ہے تاکہ آپ اپنے آپ کو پرکھ سکیں۔ اور خُداوند کے حضور اپنے دل کی حالت دیکھ سکیں۔ اسی طریقے سے آپ اپنے راستے کو تبدیل کر سکتے ہیں، نجات کے لئے نہ کہ رد کئے جانے کے لئے۔ اسی وقت اپنے دلوں کو خُداوند کے حضور بلند کریں اور اپنے گناہوں سے توبہ کریں تاکہ اگر خُداوند اسی لمحے آتا ہے تو آپ اُس عذاب کی جگہ جہاں رونا اور دانتوں کا بجنا ہے جانے کی بجائے خُداوند کے ساتھ جائیں، وہاں آپ جانیں گے کہ کیوں خُداوند نے کلوری کے مقام پر صلیب پر اتنی بڑی قیمت ادا کی۔ ہم نے دوزخ میں بہت سے لوگوں کو دیکھا جو انجان تھے کہ وہ وہاں پر کیوں تھے۔ اُن کی زندگیاں اتنی مصروف تھیں کہ اُنہوں نے سوچا بھی نہیں کہ وہ گناہگار تھے۔

عزیز دوستو! رجوع لاؤ اور اُن تمام چیزوں کو کرنے سے باز آجاؤ۔ میں یہ پیغام آپ کو اس لئے دے رہا ہوں کہ آپ جان بوجھ کر گناہ کرنے سے باز آجائیں اور زیادہ قریب سے خُداوند کے چہرے کو دیکھیں۔

# چھٹی گواہی۔۔۔۔

زبور62:12میں مرقوم ہے۔"اور یہ کہ اے خُداوند! تو مشفق ومہربان ہے۔یقیناًتو ہر شخص کواُس کے اعمال کے موافق اجر دے گا"۔ صبح کے وقت خُداوند نے ہمارے ساتھ اُس کمرے میں ملاقات کی،اُس نے ہمیں ہاتھوں سے پکڑااور ہم نے نیچے جاناشروع کیا۔میرادل پوری طرح سے ڈراہواتھا۔میں اِسے بیان نہیں کرسکتا،میں نے محسوس کیا کہ یسوع ہی میری زندگی اور روشنی ہے اور میری تمام اُمیدیں اُسی سے ہیں،ورنہ میں اُس جگہ پر پیچھے رہ جاتا،میں نے کبھی بھی نہیں سوچا تھا کہ میں اُس جگہ جاؤں گا۔یہاں تک کہ میرا یقین ہی نہیں تھا کہ کسی ایسی جگہ کا وجود بھی ہے۔ایک مسیحی ہوتے ہوئے میں یہ سوچتا تھا کہ برزخ ہی دوزخ ہے،لیکن خُداوند نے مجھے دوزخ کی حقیقت دکھائی۔

جب ہم دوزخ میں پہنچے تو میں نے محسوس کیا کہ جگہ ہل رہی ہے اور تمام بدروحیں بھاگ گئیں کیونکہ اُن میں سے ایک بھی خُداوند کی موجودگی کا سامنا نہیں کرسکتی تھی ہم نے سنا کہ قیدروحیں زور زور سے چلارہی تھیں کیونکہ وہ جانتی تھیں کہ یسوع ناصری وہاں پر تھا۔وہ سب جانتی تھیں کہ صرف ایک ہی شخص ہے جو ممکن ہے کہ اُن کو وہاں سے باہر نکال سکتا تھا،اُن کو یہ اُمید تھی اگرچہ یہ اُمید چھوٹی تھی۔

ہم خُداوند کے ہاتھ میں ہاتھ لئے اُس حصے میں پہنچے جو زناکاروں کا حصہ تھا۔یسوع اُس عورت کو دیکھنے کے لئے مڑا جو پوری طرح سے آگ میں ڈھکی ہوئی تھی۔جب یسوع نے اُسے دیکھا تو اُس نے آہستہ آہستہ آگ سے باہر آناشروع کیا۔اگرچہ اُس کی اذیت کبھی ختم نہ ہوئی تھی۔ہم دیکھ سکتے تھے کہ وہ مکمل طور پر ننگی تھی اور ہم نے اُس کی تمام جسمانی خصوصیات دیکھیں،اُس کا پورا جسم گندہ تھا اور اُس کے بال بری طرح سے گندے تھے اور اُس کے جسم پر پیلے اور سبز رنگ کا کیچڑ تھا،اُس کی آنکھیں نہیں تھیں اور اُس کے ہونٹ ٹکڑوں میں گررہے تھے اُس کے کان نہیں صرف سوراخ تھے وہ اپنے ہاتھوں سے جو کہ کالے رنگ کی ہڈیوں میں تبدیل ہوچکے تھے وہ اُس گوشت کو جو اُس کے چہرے سے گرتا تھا واپس لگانے کی کوشش کررہی تھی۔لیکن اس عمل سے اُس کو اور زیادہ تکلیف ہوتی۔

وہ پھر اور زیادہ ہلتی اور چلاتی اور اُس کا چلانا کبھی ختم نہ ہوا۔وہ کیڑوں سے بھری ہوئی تھی اور اُس کے بازؤں کے گرد سانپ تھا جو کہ بہت موٹا اور اُس کے جسم کے گرد کانٹے تھے اُس کے جسم پر666کا نمبر لگایا گیا تھا۔اُس حیوان کا نمبر جس کی مکاشفہ کی کتاب میں نشاندہی کی گئی ہے(مکاشفہ13:16،18)اُس کی چھاتی پر دھاتی پلیٹ بھی نصب کی گئی تھی جو کہ ایک نامعلوم دھات سے بنی تھی یہ کبھی بھی آگ سے نہ جلتی تھی اُس پلیٹ پر کچھ عجیب سی زبان میں لکھاہوا تھا لیکن ہم سمجھ سکے کہ اُس پر کیا لکھا تھا ہم نے پڑھا"میں یہاں پر زناکاری کی وجہ سے ہوں"جب یسوع نے اُسے دیکھا تو اُس سے پوچھا"الیناتم اس جگہ پر کیوں ہو؟"جب الیناخُداوند کو جواب دے رہی تھی اُس کا جسم درد سے دوہرا ہو رہا تھا،اُس نے کہا کہ وہ زناکاری کے سبب سے وہاں پر تھی۔اُس نے بار بار خُداوند سے معافی کے لئے کہا پھر ہم نے اُس کی موت کا واقعہ دیکھناشروع کیا۔جب وہ مری تو وہ اپنے محبت کرنے والے کے ساتھ ہم بستر ہو رہی تھی کیونکہ اُس نے سوچا تھا کہ وہ جس شخص کے ساتھ رہ رہی تھی وہ دورے پر گیا ہوا تھا جب کہ وہ اپنے کام سے واپس آیا اور اُسے کسی اور کے ساتھ بستر پر پایا وہ کچن میں گیا اور وہاں سے چھری لا کر الینا کی پیٹ میں گھونپ دی وہ مر گئی اور دوزخ میں لائی گئی بالکل اُسی طرح جس طرح وہ مری تھی پوری طرح سے ننگی دوزخ میں ہر چیز حقیقت بیان کرتی ہے اور اُس کی پیٹھ پر وہ چھرا اب بھی تھا جو اُس کے لئے بہت زیادہ درد کا باعث بن رہا تھا لیکن اُس وقت اُسے دوزخ میں آئے ہوئے سات سال ہوچکے تھے۔اُس اپنی موت اور زندگی کا ہر ایک لمحہ یاد تھا اُس کو یہ بھی یاد تھا کہ جب کسی نے اُسے یسوع کے بارے میں بتانے کی کوشش کی کہ وہ صرف وہی ہے جو اُسے بچا سکتا ہے لیکن اب اُس کے لئے اور جو دوزخ میں تھے کے لئے بہت دیر ہوچکی ہے خُدا کا کلام زناکاری کے بارے میں بتاتا ہے وہ بہت واضح ہے کہ زناکار شادی کے بغیر جنسی تعلقات بناتا ہے(1کرنتھیوں6:13 )

کھانے پیٹ کے لئے ہیں اور پیٹ کھانوں کے لئے مگر خُدا اس کو اور اُن کو نیست کرے گا مگر بدن حرامکاری کے لئے نہیں بلکہ خُدا کے لئے ہیں اور خُدا بدن کے لئے (1 کرنتھیوں 6:18) میں بھی ہے۔"حرامکاری سے بھاگو" اور ہر گناہ جو انسان کرتا ہے وہ بدن کے باہر ہے مگر حرامکار اپنے بدن ہی کا گناہگار ہے۔جب خُداوند نے اُس کے ساتھ بولنا بند کر دیا تو وہ آگ کے ایک بڑے کمبل میں ڈھانپ لی گئی۔اور ہم اُس کو پھر نہ دیکھ سکے۔لیکن ہم نے اُس کے گوشت کے جلنے کی آواز سنی اور خوفناک سسکیوں میں اُنہیں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتی۔

اور جیسے ہم خُداوند کے ساتھ چلتے رہے اُس نے ہمیں وہاں وہ تمام لوگ دکھائے، بت پرست جنہوں نے جادو کا استعمال کیا اور جادوگری کی، غیر اخلاق، زناکار، جھوٹے، ہم جنس پرست ہم بہت ڈرے ہوئے تھے اور صرف ایک ہی چیز چاہتے تھے وہ یہ کہ وہاں سے چلیں جائیں لیکن یسوع کہتا ہے کہ ضروری ہے کہ تم لوگ یہ سب دیکھو اور بتاسکو ہو سکتا ہے کہ وہ یقین کر لیں۔ہم یسوع کے ساتھ اُس کا ہاتھ پہلے سے بھی زیادہ مضبوطی سے تھام کر چلتے رہے ہم ایک حصے میں آئے جس نے مجھ پر اثر ڈالا۔ہم نے ایک تیئس سال کے نوجوان لڑکے کو دیکھا، وہ کمر تک اونچا آگ کے درمیان میں کھڑا تھا۔ہم ٹھیک سے نہیں دیکھ پائے کہ اُس کی اصل اذیت کیا تھی لیکن 666 نمبر اُس پر لگایا گیا تھا۔اُس کی چھاتی پر دھاتی پلیٹ بھی لگی ہوئی تھی جس پر لکھا تھا کہ " میں یہاں عام ہونے کی وجہ سے ہوں" اُس نے یسوع کو دیکھ کر اپنے ہاتھ بڑھائے اور یسوع سے رحم مانگا، خُداوند کا کلام کہتا ہے (امثال 14:12)

"ایسی راہ بھی ہے جو انسان کی نظر میں سیدھی ہے مگر اُس کا انجام بھی موت ہے" جب ہم نے تختی پڑھی جو یہ کہتی تھی کہ " میں یہاں پر عام ہونے کی وجہ سے ہوں" ہم نے خُداوند سے پوچھا وہ یہاں کیسے آیا، یہ ناممکن ہے کہ ایک شخص اس جگہ پر اس وجہ سے آسکتا ہے پھر یسوع نے اُس سے پوچھا "اندریاس تم یہاں اس جگہ پر کیوں ہو"۔اُس نے جواب دیا "یسوع! میں زمین پر تھا اگرچہ میں یہ سوچتا تھا کہ صرف قتل کرنا اور چوری کرنا گناہ تھا۔اسی وجہ سے میں آپ کے پاس نہیں آیا (زبور 9:17) میں کہتا ہے "شریر اور سب قومیں جو خُدا کو بھلا دیتی ہیں عالمِ اسفل میں اتر جاتی ہیں"۔

اندریاس نے گناہوں کی درجہ بندی کر کے بہت بڑی غلطی کی تھی جس طرح آج بھی بہت سارے لوگ کرتے ہیں۔بائبل مقدس بہت واضح طور پر بتاتی ہے کہ گناہ کی مزدوری موت ہے۔لیکن خُدا کا تحفہ ہمیشہ کی زندگی ہے (رومیوں 6:23)۔مزید جب بائبل گناہ کے بارے میں بات کرتی ہے، یہ گناہ کے بارے میں درجہ بندی نہیں کرتی کیونکہ تمام کے تمام گناہ ہی ہیں۔اندریاس کے پاس یسوع کو جاننے اور قبول کرنے کا موقع تھا لیکن اُس نے اس موقع سے فائدہ نہیں اُٹھایا جو خُدا نے اُسے دیا تھا، ہو سکتا ہے کہ اُس کے پاس یسوع کو جاننے کے ہزاروں مواقع ہوں لیکن وہ اُسے نہ جاننا چاہتا ہو۔اس وجہ سے وہ یہاں پر تھا پھر آگ کے ایک بڑے کمبل نے اُسے ڈھانپ لیا اور ہم نے اُس دوبارہ نہ دیکھا۔

ہم یسوع کے ساتھ چلتے رہے ہم نے فاصلے سے موٹے ٹکڑوں کی طرح کچھ گرتے دیکھا۔جب ہم قریب پہنچے تو ہم نے دیکھا کہ یہ لوگ تھے جو اُس لمحے دوزخ میں گر رہے تھے لوگ جو زمین پر یسوع مسیح کو قبول کرنے سے پہلے مر رہے تھے وہ دوزخ میں پہنچ رہے تھے ہم نے ایک جوان آدمی کو دیکھا۔بہت سی بدروحیں اُس کے جسم کو تباہ کرنے کے لئے اُس کی طرف بھاگ رہی تھیں، اچانک سے اُس کا جسم کیڑوں سے بھرنا شروع ہو گیا۔وہ چلایا، نہیں یہ کیا ہے؟ رو کو! مجھے اس جگہ سے نکالو۔ میں اِس جگہ پر نہیں رہنا چاہتا اسے روکو۔یہ ضرور کوئی خواب ہو گا مجھے اس جگہ سے نکالو۔وہ یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ وہ مر چکا تھا اور یہ بھی کہ وہ اپنے دل سے یسوع کو قبول کے بغیر ہی مر گیا ہے۔بدروحیں اُس کی مذاق اُڑا رہی تھیں اور اُسے عذاب پہنچا رہی تھیں اور پھر 666 نمبر اُس کے ماتھے پر ظاہر ہوا اور



دھاتی پلیٹ اُس کی چھاتی پر۔اگرچہ ہم اُس وجہ کو نہ جان پائے کہ وہ دوزخ میں کیوں آیا ہے ہم جانتے تھے اور ہمیں یقین تھا کہ یہ اب یہاں سے کبھی بھی باہر نہیں جا سکے گا۔ یسوع نے ہمیں بتایا کہ عدالت کے دن ان تمام لوگوں کی ایذا اور زیادہ بڑھ جائے گی۔اگر اب یہ بڑی بری طرح سے اور خوفناک طریقے سے اذیت سہہ تھے تو میں سوچ بھی نہیں سکتا کہ عدالت کے دن اور کیسے سزا برداشت کریں گے۔

ہم نے ابھی کسی بچے کو نہ دیکھا ہم نے ہزاروں کی تعداد میں صرف نوجوانوں کو دیکھا، مختلف قومیتوں کے مرد اور خواتین کو۔تاہم دوزخ میں نا کوئی قوم اور نہ ہی کوئی سماجی سطح ہوتی ہے تمام لوگ عذاب میں اپنی زبان کو تازہ کرنے کے لئے پانی کا ایک قطرہ مانگ رہے تھے بالکل بائبل مقدس میں امیر آدمی کی کہانی کی طرح (لوقا 16:19)۔لیکن یہ اب ممکن نہ تھا، اُنہوں نے خود ہی چنا تھا کہ وہ اپنی ابدی زندگی کہاں گذارنا چاہتے ہیں، اُنہوں نے یہ غلطی کے بغیر گذارنے کا فیصلہ کیا۔خدا کا کبھی بھی مذاق نہیں اُڑایا جا سکتا۔جو کوئی بوتا ہے وہی کاٹتا ہے۔

آج آپ کے پاس بڑا موقع ہے کہ ابدی منزل تبدیل کر سکیں، یسوع آج بھی میسر ہے اور بائبل کہتی ہے کہ جب تک زندگی ہے تب تک اُمید بھی ہے۔آج تمہارے پاس زندگی ہے اس موقع کو مت کھوئیں یہ آخری موقع بھی ہو سکتا ہے۔خُداوند آپ کو برکت دے!